بسم اللہ الرحمن الرحیم

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کا ترجمان

ماہنامہ وفاق المدارس ملتان

جلد نمبر ۲۳ شمارہ نمبر ۱۰ شوال المکرم ۱۴۴۷ھ اپریل ۲۰۲۶ء

بیاد

شمس العلماء
حضرت مولانا شمس الحق افغانی رحمۃ اللہ علیہ

استاذ العلماء
حضرت مولانا خیر محمد جالندھری رحمۃ اللہ علیہ

محدث العصر
حضرت مولانا محمد یوسف بنوری رحمۃ اللہ علیہ

مفکر اسلام
حضرت مولانا مفتی محمود رحمۃ اللہ علیہ

جامع المعقول والمنقول
حضرت مولانا محمد ادریس میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ

رئیس المحدثین
حضرت مولانا سلیم اللہ خان رحمۃ اللہ علیہ

استاذ المحدثین
حضرت مولانا عبد الرزاق اسکندر رحمۃ اللہ علیہ

سرپرست

شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہم
صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان

شیخ الحدیث حضرت مولانا انوار الحق حقانی مدظلہم
سینئر نائب صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان

مدیر اعلیٰ

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہم
ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

مدیر

مولانا محمد احمد حافظ

خط و کتابت اور ترسیل زر کا پتہ

وفاق المدارس العربیہ پاکستان گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ ملتان

فون نمبر 061-6514525-6514526-27 فیکس نمبر 061-6539485
Email:wifaqulmadaris@gmisl.com web:www.wifaqulmadaris.org

ناشر: حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری ◉ مطبع: اقرا اختر پرنٹنگ پریس پرانی غلہ منڈی بوہڑ گیٹ ملتان
شائع کردہ مرکزی دفتر وفاق المدارس العربیہ گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ ملتان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست مضامین

دینی مدارس میں تعلیمی سال کے آغاز پر طلبہ کیلئے پیغام	کلمۃ المدیر	۳
حضرت مولانا پیر مختار الدین شاہ رحمۃ اللہ علیہ	شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہم	۶
عاشق قرآن حضرت مولانا قاری محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ	شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہم	۱۰
نئے تعلیمی سال کا آغاز: ارباب مدارس سے چند گذارشات	مولانا محمد قمر الزماں ندوی	۱۲
کامیاب معلّم کے اوصاف	مولانا مفتی محمد منصور احمد	۱۹
درسیات میں عصریت کا ذائقہ	عبدالوہاب سلطان دِیروی	۲۸
اصلاحِ معاملات کی ضرورت واہمیت	مفتی محمد طارق محمود	۳۰
جرائم اور نابالغ بچے	مفتی عبداللہ فردوس	۴۱
تبصرہ کتب	محمد احمد حافظ	۴۵
نتائج	ادارہ	۴۶

مضمون نگار حضرات کی تمام آراء سے ادارہ کا اتفاق ضروری نہیں۔

سالانہ بدل اشتراک

بیرون ملک امریکہ، آسٹریلیا، جنوبی افریقہ اور یورپی ممالک ۳۰ ڈالر-سعودی عرب، انڈیا اور متحدہ امارات وغیرہ ۲۳ ڈالر-ایران، بنگلہ دیش ۲۰ ڈالر-

اندرون ملک قیمت: فی شمارہ: 40 روپے، زرسالانہ مع ڈاک خرچ: 540 روپے

کلمۃ المدیر

دینی مدارس میں تعلیمی سال کے آغاز پر طلبہ کے لیے پیغام

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم!

دینی مدارس کے لیے ماہِ شوال ایک خاص اہمیت رکھتا ہے۔ وہ رونقیں جو شعبان اور رمضان میں ماند پڑ گئی ہوتی ہیں پھر سے جلوہ گر ہوتی ہیں۔ دو ماہ کی تعطیلات کے بعد جب طلبہ اپنی درس گاہوں میں واپس آتے ہیں، تو نہ صرف تعلیم و تدریس کا سلسلہ دوبارہ شروع ہوتا ہے بلکہ یہ موقع ان کے ایمانی، اخلاقی اور علمی تربیت کے سلسلے کو آگے بڑھانے کا بھی ہوتا ہے۔ تعلیمی سال کا آغاز ہمیشہ نئے جذبے، نئے ولولے، نئی امید اور نئی محنت کا موقع ہوتا ہے۔ دو ماہ کی تعطیلات میں طلبہ نے کچھ تفریح کی، رمضان المبارک کی بہاریں سمیٹیں، عید کی خوشیاں منائیں، اور گھر والوں کے ساتھ وقت گزارا، لیکن اب وقت ہے کہ وہ شاہراہِ علم پر دوبارہ قدم رکھیں اور اس شاہراہ پر اس شان سے چلیں کہ آپ سے پہلے گزرنے والے قافلے آپ کو حیرت و رشک سے دیکھنے لگیں۔

آپ جانیے کہ یہ ایک نئے تعلیمی سال کا آغاز ہے، جو آپ کے علمی، روحانی اور اخلاقی سفر کو آگے بڑھانے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ اس سفر کی کچھ نزاکتیں اور کچھ آداب ہیں، ان سطور میں انہی کی طرف توجہ دلانی ہے:

۱۔۔۔**علم اور ایمان کی اہمیت:** طلبہ کو چاہیے کہ وہ اس بات کو سمجھیں کہ مدرسہ میں حاصل ہونے والا علم محض کتابی معلومات تک محدود نہیں ہے۔ یہ علم آپ کے ایمان کی مضبوطی، اخلاق کی بہتری اور کردار کی تعمیر کا ذریعہ بھی ہے۔ قرآن وسنت کے مطابق علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے، اور مدرسہ وہ مقام ہے جہاں یہ فرض ادا کرنے کے ساتھ ساتھ، علم کو سمجھنے، اس پر غور کرنے اور اس پر عمل کرنے کی تربیت بھی دی جاتی ہے۔

قال اللہ تعالیٰ: "اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ" (سورۃ العلق: ۱)

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "**طلب العلم فریضة علی کل مسلم**" (الحدیث)

یہ احادیث ہمیں واضح طور پر بتاتی ہیں کہ علم کا حصول صرف تعلیمی ضرورت نہیں بلکہ دینی اور اخلاقی ذمہ داری بھی ہے۔ طلبہ جب دوبارہ مدارس میں قدم رکھتے ہیں، تو یہ وقت ہے کہ وہ مدرسہ میں گزرنے والے ہر لمحے کو قیمتی سمجھیں، اور دل و دماغ کے ساتھ ساتھ اپنے اعمال میں بھی اس کی روشنی لائیں۔

۲۔۔۔**نیت کی درستی:** معلمین اور متعلمین کے لیے تصحیح نیت ضروری اور اہم کام ہے، تاکہ وہ خود بھی اور دوسرے

بھی ان سے فائدہ اٹھاسکیں۔نیت کی درستی کیونکرضروری ہے؛اس پر درج ذیل حدیث مبارکہ میں خوب وضاحت کی گئی ہے،حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک طویل روایت منقول ہے،جس کا ایک حصہ یہ ہے:

(قیامت کے روز تین لوگوں کو بلایا جائے گا) سب سے پہلے جس شخص کو بلایا جائے گا وہ ہوگا جس نے علم سیکھا اور سکھایا،قرآن پڑھا اور پڑھایا۔اس کو اللہ تعالیٰ کے حضور پیش کیا جائے گا۔اللہ تعالیٰ سب سے پہلے اپنی نعمتیں یاد کرائے گا،وہ اعتراف کرے گا۔پھر اس سے پوچھا جائے گا کہ تم نے اپنے علم پر کتنا عمل کیا؟ وہ کہے گا کہ میں نے تیری رضا کی خاطر علم حاصل کیا،اور اسے لوگوں کو سکھایا۔اور قرآن مجید سیکھا۔اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا تم نے جھوٹ بولا،تم نے اس لیے علم سیکھا تھا کہ تمہیں عالم کہا جائے۔یا اس لیے تم نے قرآن مجید سیکھا کہ تمہیں قاری کہا جائے۔سو تمہیں (دنیا میں) ایسا کہا گیا،(گویا تمہیں اپنے کیے کا بدلہ مل گیا) پھر حکم ہوگا کہ اس کو اوندھے منہ جہنم میں ڈال دیا جائے۔(ترمذی و مسلم) (اعاذنا اللہ منہ)

چناں چہ سب شاہراہ علم پر قدم رکھتے ہوئے سب سے پہلے نیت کی درستی ضروری ہے۔علم کا مقصد یہ ہے کہ انسان جہالت کی تاریکی سے باہر نکل آئے اور علم کی روشنی میں سفرِ حیات طے کرے۔

۳۔۔۔مدارس میں دوبارہ تعلیم وتدریس کا آغاز: دو ماہ کی چھٹیوں کے بعد طلبہ کی واپسی کے ساتھ ہی مدارس میں کلاسز دوبارہ شروع ہوتی ہیں۔یہ وقت نہ صرف کتابوں میں لکھے الفاظ کو یاد کرنے کا ہے بلکہ اساتذہ کے سبق سے رہنمائی لینے،سوالات کرنے اور علمی بحث میں حصہ لینے کا بھی ہے۔طلبہ کو چاہیے کہ وہ وہ اپنی علمی استعداد بڑھانے، نئی مہارتیں سیکھنے میں کوتاہی نہ کریں،ہر کتاب کا حق ادا کرنے کی کوشش کریں،کتاب کا حق یہی ہے کہ اسے سمجھا جائے،اس کی مشکلات اور غوامض کو حل کیا جائے۔اساتذہ کے اسباق میں مکمل یکسوئی کے ساتھ حاضری کو یقینی بنایا جائے،ان کی صحبت کو لازم پکڑا جائے۔

یہ بات بھی یاد رکھنے کی ہے کہ حصول علم سے مراد مجرد علم نہیں ہے، بلکہ علم سے مراد ذاتِ باری تعالیٰ کی معرفت ہے۔علم دین کی غایت یہی ہے،اس سے ہٹ کر علم دین کا کوئی اور مقصد نہیں ہوسکتا۔

۴۔۔۔وقت کی قدر اور محنت کی اہمیت: طلبہ کے لیے سب سے اہم سبق یہ ہے کہ وقت بہت قیمتی ہے۔دو ماہ کی تعطیلات کے بعد دوبارہ تعلیم کا آغاز یہ یاد دلاتا ہے کہ ہر لمحہ جو آپ مدرسہ میں گزارتے ہیں،وہ نہ صرف آپ کے علم میں اضافہ کرتا ہے بلکہ آخرت کے لیے بھی سرمایہ بنتا ہے۔مدرسہ کے ماحول میں گزرنے والا ایک ایک لمحہ قیمتی ہے۔وقت سے زیادہ قیمتی شے کوئی نہیں۔اس لیے طالب علم کو ضیاع وقت سے ہر صورت بچنا چاہیے۔

محنت اور سختی اٹھائے بغیر علم حاصل نہیں ہوتا۔طلبہ کو چاہیے کہ وہ اپنے روزمرہ کے اسباق،درس وتدریس،مطالعہ

وتکرار اور تفہیم کے وقت کو قدر کی نگاہ سے دیکھیں۔ حصول علم کے چھوٹے چھوٹے مراحل میں بھی محنت کرنے سے بڑے علمی مقاصد حاصل ہوتے ہیں۔ علم کے حصول میں مستقل مزاجی، صبر اور محنت بہت ضروری ہے۔

۵۔۔۔اخلاق وکردار کی تربیت: مدارس میں تعلیم کا مقصد صرف علمی قابلیت پیدا کرنا نہیں، بلکہ اخلاقی تربیت بھی ہے۔ طلبہ کو چاہیے کہ وہ اپنے آپ کو اعلیٰ اخلاق سے مزین کریں۔ دوسروں کے ساتھ حسن سلوک کریں، اساتذہ کا ادب کریں، اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ بھائی چارے اور محبت کے ساتھ پیش آئیں۔ اخلاقی تربیت کے بغیر علمی قابلیت مکمل نہیں ہوتی۔ ایک طالب علم کی اصل عظمت اس کے کردار میں ظاہر ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مدارس میں نہ صرف قرآن وحدیث کی تعلیم دی جاتی ہے، بلکہ عملی اخلاق، رواداری، تحمل اور صبر کی تربیت بھی دی جاتی ہے۔

۶۔۔۔نصیحت اور رہنمائی: طلبہ کو چاہیے کہ وہ: علم حاصل کرنے میں غفلت نہ کریں، ہر سبق پر غور کریں اور عملی زندگی میں اس پر عمل کریں، اساتذہ سے رہنمائی حاصل کریں، اور اپنے علم کو دوسروں تک پہنچائیں، مدارس کی ماحولیات کا احترام کریں اور اپنی سرگرمیوں میں نظم وضبط اختیار کریں، اور سب سے بڑھ کر، دل میں اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کو قائم رکھیں۔

۷۔۔۔حوصلہ افزائی اور مثبت سوچ: تعلیمی سال کے آغاز پر طلبہ کو اپنے آپ میں حوصلہ پیدا کرنا چاہیے۔ ہر نیا دن علم اور عمل میں ترقی کا موقع ہے۔ طلبہ کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنی قابلیت پر یقین رکھیں، مشکلات کو حوصلے کے ساتھ جھیلیں، اور علم وعمل میں مستقل مزاج رہیں۔

مدارس میں دوبارہ تعلیم کے آغاز کے اس بابرکت موقع پر یہ یاد رکھیں کہ علم کے ساتھ ایمان اور اخلاق کی تربیت بھی لازمی ہے۔ یہ صرف کتابی علم تک محدود نہیں، بلکہ دل ودماغ کی روشنی، نیکی اور خدمت خلق کا بھی حصہ ہے۔

ماہ شوال میں آپ کا مدارس میں دوبارہ قدم رکھنا ایک نئے سفر کا آغاز ہے۔ یہ وقت ہے علم کے سمندر میں غوطہ زن ہونے، علمی لیاقت بڑھانے اور اپنے کردار کو سنوارنے کا۔ وقت قیمتی ہے، محنت اور صبر کی قدر کریں، اور ہر لمحے میں علم، اخلاق اور ایمان کے ساتھ آگے بڑھیں۔ یہی راستہ ہے جس پر چل کر آپ نہ صرف دنیاوی علم بلکہ آخرت کے لیے بھی کامیابی حاصل کریں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کا حامی وناصر ہو۔

حضرت مولانا پیر مختار الدین شاہ رحمۃ اللہ علیہ

علم وسلوک کی ایک درخشاں مثال

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہم
ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

حضرت مولانا پیر مفتی مختار الدین شاہ صاحب قدس سرہٗ اُن نفوسِ قدسیہ میں سے تھے جن کی شخصیت کسی ایک عنوان میں محدود اور اُن کی دینی خدمات کا دائرہ کسی ایک میدان میں محصور نہیں تھا، وہ بیک وقت صاحبِ نسبت بزرگ، وسیع النظر عالم اور زمانے کے تقاضوں اور مطالبات سمجھنے والے ایسے صاحبِ بصیرت رہنما تھے جو روایت کی پاسداری کے ساتھ مستقبل کی رہنمائی بھی جانتے تھے۔

اُن کی زندگی اِس حقیقت کی عملی تفسیر تھی کہ اگر علم، تصوّف سے خالی ہو تو وہ محض معلومات کا ایک اَنبار ہے جس سے ممکن ہے کہ دُنیا میں کچھ فوائد حاصل ہو جائیں لیکن آخرت کے بازار میں اُس کی کوئی قدر و قیمت نہیں اور تصوّف اگر علم سے کٹا ہوا ہو تو اُس کے ذریعے دُنیاوی مال ومتاع کا حصول تو ممکن ہے مگر حق جل شانہٗ تک وصول ناممکن ہے۔

حضرت رحمۃ اللہ علیہ کو یہ شرف حاصل تھا کہ وہ برکۃ العصر شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ مجاز تھے اور اِس عظیم نسبت کا ثمرہ تھا کہ اُنہوں نے تصوّف کو شریعت کے تابع، سُنّت کے دائرے میں اور اَکابر کے منہج اور ذوق کے عین مطابق زندہ رکھا۔ کربوغہ شریف کی خانقاہ ہو یا اُن کا قائم کردہ ادارہ جامعہ زکریا دارالایمان دونوں مقامات پر علم اور ذکر کا حسین امتزاج نظر آتا ہے۔

یہ اَمر بھی قابلِ ذکر ہے کہ سلوک واحسان کی مسندِ مشیخت پر بیٹھ کر خلقِ خدا کو اپنے خالق کے ساتھ جوڑنے کے ساتھ ساتھ حضرت رحمۃ اللہ علیہ علمِ ظاہری میں بھی بلند پایہ رکھتے تھے، چنانچہ اپنے ادارے میں وہ بخاری شریف کا دَرس خود دیا کرتے تھے۔ یہ کوئی معمولی بات نہیں کہ ایک ہی شخصیت میں اِصلاحِ قُلوب وتزکیۂ نفوس کی حرارت بھی ہو اور صحیح بخاری شریف کی تدریس کی استعداد ولیاقت بھی: ”ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ“

صحیحین میں ایک حدیث ہے:

”اِذَا اَحَبَّ اللّٰہُ العبدَ نادٰی جبریلَ اِنَّ اللّٰہ یُحبُّ فلاناً فَاَحِبَّہٗ فیحبّہٗ جبریلُ ثُمَّ یُنَادِیْ فِیْ اَھلِ السَّمَاءِ اِنَّ

اللہ یُحِبُّ فُلَاناً فَاَحِبُّوْہُ فیحِبُّہٗ اَھلُ السمآءِ ثُمَّ یوضَعُ لَہُ القبولُ فِیْ الاَرْضِ ‘‘

کہ جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتے ہیں تو پہلے آسمانوں میں اُس کی محبت کا اعلان ہوتا ہے اور پھر زمین میں اُس کے لیے قبولیت رکھ دی جاتی ہے۔ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت اِس حدیث کا مصداق تھی کہ کربوغہ شریف جیسا دُور افتادہ علاقہ جہاں بظاہر نہ شہروں جیسی سہولیات موجود تھیں، نہ تمدنی ترقی کے مظاہر، حتیٰ کہ وہاں تک رسائی بھی آسان نہ تھی مگر اللہ تعالیٰ نے اپنے اس بندے کی محبت خلقِ خدا کے قُلوب میں اس طرح رَاسخ فرما دی تھی کہ جب بھی وہاں رُوحانی اِجتماع ہوتا تو اِنسانوں کا سیلاب اُمڈ آتا۔ یہ قُبولیت عامہ و مرجعیت محض انتظامی قوت یا تشہیر کا نتیجہ نہ تھی بلکہ وہ ’’قَبوْلُ فِیْ الاَرْضِ ‘‘ تھا جو اللہ تعالیٰ اپنے محبوب بندوں کے حصے میں لکھ دیتے ہیں۔

اور پھر یہ اجتماعات محض ہجوم نہیں ہوتے تھے بلکہ اُن کے نتیجے میں دِل اللہ کی طرف مائل ہوتے، نیتیں سنورتیں اور زندگیوں میں اِنقلاب آجاتا تھا۔ خاص طور پر نوجوان طبقہ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی توجہ کی مرکز تھا۔ اُنہوں نے نئی نسل کو محبت، حکمت اور شفقت کے ساتھ دین کی طرف متوجہ کیا۔ اُن کی اِس محنت کے اثرات اُن کی زندگی ہی میں نمایاں ہوئے۔ چنانچہ بہت سے نوجوان دین سے جڑے، ذکر وعبادت کی طرف آئے اور بے سمتی کی بجائے مقصدیت کی راہ پر گامزن ہوئے۔

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ساتھ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا تعلق رسمی نہیں بلکہ فکری اور قلبی تھا۔ بطور سرپرست اعلیٰ وہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے تعلیمی و تنظیمی معاملات میں ہمارے معاون بھی رہے اور رہنمائی بھی فرماتے رہے۔ وہ خصوصیت کے ساتھ اہلِ مدارس کو بار بار اِس نکتے کی طرف متوجہ فرمایا کرتے تھے کہ مدارس کی اَصل قوت توجہ الی اللہ، اخلاص اور تعلق مع اللہ ہے۔ یہ چیزیں جب تک ہمارے مدارس میں موجود رہیں ہم تعداد میں کم ہونے کے باوجود تاثیر میں زیادہ تھے، وسائل محدود تھے مگر وقار بلند تھا اور ظاہری وسائل سے محرومی کے باوجود دین مخالف قوتیں ہم سے مرعوب تھیں، لیکن جب سے ہماری توجہ الی اللہ میں کمی آئی ہے، ’’اخلاص‘‘ کی جگہ ’’ریا‘‘ نے لی ہے اور تعلق مع اللہ کمزور ہوا ہے تو ہماری کثرت بھی بے وزن ہو چکی ہے، وقار بھی رخصت ہو چکا ہے اور رُعب بھی باقی نہیں رہا جو باطل کو مرعوب کرسکے، کیونکہ باطل قوتیں ہمارے ظاہری ساز و سامان سے نہیں بلکہ ہمارے باطنی استحکام سے مرعوب ہوتی ہیں۔ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا وردِ دِل یہی تھا کہ ہم اپنے اصل سرچشمے کی طرف لوٹیں کیونکہ نصاب، تنظیم اور تعداد تب تک بے روح اور غیر مؤثر ہیں جب تک اُن کے پیچھے اللہ سے جڑا ہوا دِل موجود نہ ہو۔

حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت بظاہر نہایت سادہ مگر باطن میں علم و معرفت کے سمندر سموئے ہوئے تھی۔ اللہ

تبارک وتعالیٰ نے اُنہیں بے شمار خوبیوں اور کمالات سے نوازا تھا۔اُن میں سے ایک نمایاں صفت تواضع اور کسرِ نفسی تھی۔واقعہ یہ ہے کہ جو شخص اُنہیں پہلی مرتبہ دیکھتا وہ ہرگز یہ اندازہ نہیں لگا سکتا تھا کہ یہ سادہ مزاج اِنسان کس درجے کی علمی، روحانی اور فقہی عظمت کا حامل ہے۔اُنہوں نے اپنے کمالات کو کبھی ظاہر نہیں کیا بلکہ ہمیشہ اپنے آپ کو چھپا کر رکھنے کی کوشش کی اور درحقیقت یہی اہلُ اللہ کی شان ہوتی ہے کہ جوں جوں اُن کے علمی و روحانی کمالات زیادہ ہوتے جاتے ہیں توں توں اُن کے عجز و انکسار میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔

حضرت رحمۃ اللہ علیہ صرف ایک صاحبِ نسبت بزرگ ہی نہیں بلکہ ایک مستند علمی و فقہی شخصیت بھی تھے۔فقہی مسائل پر اُن کی گہری نظر تھی۔جب کوئی پیچیدہ مسئلہ زیرِ بحث آتا تو اُن کی رائے علم، فہم اور فقاہت فی الدین کی آئینہ دار ہوتی۔اُن کی گفتگو سادہ اور تصنع سے پاک ہوتی لیکن جو بات کہتے وزن اور وقار کے ساتھ کہتے اور اہلِ علم اُس کی قدر کرتے۔

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سرپرست کی حیثیت سے اُنہوں نے وفاق کے اجلاسوں میں زیرِ بحث آنے والے اہم اور حساس معاملات میں ہمیشہ اصابت رائے کا ثبوت دیا۔وہ صاحبُ الرّائے بھی تھے اور صائبُ الرّائے بھی۔اُن کی آراء میں فراست، بصیرت اور دُور اندیشی نمایاں ہوتی، وہ مسئلے کے ظاہر ہی پر نہیں بلکہ اُس کے اثرات اور نتائج پر بھی نگاہ رکھتے تھے اور یہی وجہ ہے کہ اُن کی رہنمائی متوازن، حکیمانہ اور ادارہ جاتی مصالح کے مطابق ہوتی جس کی ہر سنجیدہ شخص قدر کرتا تھا۔

اُن کی شخصیت کا ایک دلنشین پہلو اُن کا اپنے متعلقین کے ساتھ تعلقِ محبت تھا۔جب مجھے دِل کا عارضہ لاحق ہوا تو اُنہوں نے جس انداز سے شفقت اور خیر خواہی کا اظہار فرمایا وہ بھلایا نہیں جا سکتا۔بار بار فون کر کے خیریت دریافت کرنا، صحت و عافیت کی دُعائیں دینا اور اپنی طرف سے شہد، دیسی گھی اور دیگر مفید صحتِ اشیاء بطور ہدیہ بھیجنا، یہ سب اِس بات کی دلیل ہے کہ اُن کے تعلقات رسمی نہ تھے بلکہ قلبی اور مخلصانہ تھے۔

علمی، روحانی اور فقہی عظمت کے ساتھ ساتھ اُن میں فکری گہرائی بھی تھی۔حالاتِ حاضرہ، عالمی مسائل اور اُمت کو درپیش چیلنجز پر نگاہ رکھتے تھے۔گویا وہ محض گوشہ نشین صوفی یا درس و تدریس تک محدود عالم نہیں تھے بلکہ ایک بیدار مغز مفکر اور صاحبِ درد رہنما تھے۔

حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا ایک نمایاں وصف شجاعت اور حق گوئی تھا۔وہ حق بات کہنے میں کسی ملامت کی پروا نہیں کرتے تھے۔اگر اُنہیں اربابِ اقتدار و اختیار کی کسی بات میں اصلاح کی ضرورت محسوس ہوتی تو بزرگوں کے اُسلوب کے مطابق حکیمانہ انداز میں اُنہیں متوجہ کرتے، خطوط لکھتے اور خیر خواہی کے جذبے سے اُن کی

رہنمائی فرماتے۔ اُن کی نگاہ میں حق، حق تھا اور اِس بات کا حق رکھتا تھا کہ اُسے بیان کیا جائے، خواہ وہ کسی کے موافق ہو یا مخالف۔

ہمارے جامعہ خیر المدارس کے ساتھ بھی حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا تعلق محبت اور خیر خواہی پر مبنی تھا۔ وہ کئی مرتبہ جامعہ میں تشریف لائے، بیانات فرمائے، طلبہ و اساتذہ کو اپنی قیمتی نصائح سے نوازا اور جامعہ کی دینی، علمی اور فکری خدمات کو سراہا۔ اُن کی جامعہ میں تشریف آوری محض ایک بزرگ کی آمد نہیں ہوتی تھی بلکہ ایک روحانی تازگی اور فکری بالیدگی کا ذریعہ بنتی تھی۔

حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی اصاغر نوازی بھی اُن کے مزاج کا ایک نمایاں اور روشن پہلو تھا، چھوٹوں کے کاموں کی قدر کرنا، نئی کوششوں کی حوصلہ افزائی کرنا اور خدمت کے جذبے کی سرپرستی کرنا اُن کی عادت تھی۔ چنانچہ جب حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے علم میں یہ بات آئی کہ جامعہ خیر المدارس کی زیرِ نگرانی ''الخیر خدمت فاؤنڈیشن'' کے نام سے ایک رفاہی تنظیم قائم ہوئی ہے اور اِس کے رضا کار سیلاب زدہ علاقوں میں خدمتِ خلق میں مصروفِ عمل ہیں تو حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے باقاعدہ صوتی پیغام کے ذریعے اِس کوشش کو سراہا، دُعاؤں سے نوازا، حوصلہ افزائی فرمائی اور سرپرستی کا اظہار فرمایا۔ ایسے مواقع پر حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی ایک دُعا اور ایک جملہ ہمارے کارکنان کے لیے توانائی کا ذریعہ بن جاتا تھا۔

حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی علم و عمل، سلوک و تصوّف، فکر و نظر، تواضع و انکسار، خلوص و محبت اور شجاعت و اعتدال کا ایک ایسا مرقّع تھی جو آج کے دور کے لیے ایک روشن نمونہ ہے۔ اللہ تبارک و تعالیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی خدمات کو قبول فرمائیں، درجات بلند فرمائیں اور اُن کے فیوض و برکات کو تا قیامت جاری رکھیں۔ آمین ثم آمین!.

> موجودہ دور کے بگڑے ہوئے حالات سے دل برداشتہ بہت سے لوگوں کے اندر یہ مزاج پیدا ہو گیا ہے کہ وہ ہر اس شخص کے- جو انقلاب کا نعرہ لگائے یا کسی بڑی طاقت کو چیلنج کرے- عقیدہ کے ہر بگاڑ، اور افکار و نظریات کی ہر کجی اور انحراف کو معاف کر دیتے ہیں، اور عقیدہ کے مسئلہ سے بالکل صرف نظر کر لیتے ہیں، بلکہ الٹے ان لوگوں کو ہدف ملامت بنا لیتے ہیں، اور کبھی باطل طاقتوں سے ساز باز کر لینے کا الزام بھی لگاتے ہیں جو اس موقع پر عقیدہ کی بحث کو اٹھائیں، اور اس شخص کے عقائد کے بارہ میں کوئی سوال کریں- یہ طرز فکر اور طرز عمل صحیح دینی مزاج اور نبوی طریق سے کوئی مناسبت نہیں رکھتا۔
> (حضرت مولانا ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ) (دستور حیات)

عاشق قرآن حضرت مولانا قاری محمد عبداللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی مدینہ طیبہ میں رحلت

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری مدظلہم
ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

آج صبح یہ انتہائی رنجیدہ وغم زدہ کر دینے والی خبر موصول ہوئی کہ جامعہ خیر المدارس ملتان کے قابل فخر فاضل اور مدینہ منورہ زادھا اللہ شرفا میں قرآن کریم کے بے لوث خادم اور عاشق حضرت مولانا قاری محمد عبداللہ صاحب اس دار فانی سے رخصت ہو کر اپنے رب کریم کے حضور جا پہنچے۔ إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ!

حضرت مرحوم نے حفظ قرآن کریم، تجوید وقراءات اور درس نظامی کی مکمل تعلیم جامعہ خیر المدارس میں حاصل کی۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ مجدد القراءات حضرت مولانا قاری رحیم بخش رحمۃ اللہ علیہ کے ارشد تلامذہ میں سے تھے۔ تعلیم سے فراغت کے بعد آپ رحمۃ اللہ علیہ نے مدینہ منورہ زادھا اللہ شرفا کی طرف ہجرت فرمائی اور پھر تقریباً 60 برس تک وہیں کے ہو کر رہ گئے۔ یہ کوئی معمولی بات نہیں کہ ایک شخص نصف صدی سے زائد عرصہ تک دیار حبیب صلی اللہ علیہ وسلم میں قیام پذیر رہے اور ایک دن کے لیے بھی وطن واپسی کا ارادہ نہ کرے، صرف اس خوف سے کہ کہیں موت مدینہ منورہ سے باہر نہ آجائے اور جنت البقیع میں تدفین کی سعادت عظمیٰ سے محرومی نہ ہو جائے۔

مدینہ منورہ زادھا اللہ شرفا سے حضرت قاری صاحب رحمہ اللہ علیہ کی محبت محض قیام تک محدود نہ تھی بلکہ یہ محبت آپ کی سوچ اور فیصلوں میں رچی بسی ہوئی تھی۔ ایک موقع پر کسی نے سوال کیا کہ آپ کے اعزہ واقارب اور دوست احباب پاکستان میں ہیں اور آپ وہاں جاتے نہیں، تو کیا آپ کو اُن کی یاد نہیں آتی؟ تو قاری صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے نہایت سادہ مگر معنی خیز انداز میں فرمایا: جس کی یاد آتی ہے اُسے میں عمرے پر بلوا لیتا ہوں، اس طرح مجھے اُس کی زیارت اور اُسے عمرے کی سعادت نصیب ہو جاتی ہے۔"

مدینہ منورہ زادھا اللہ شرفا وکرامہ میں 60 سالہ قیام کے دوران میں آپ رحمۃ اللہ علیہ نے قرآن کریم کی تدریس کو اپنی زندگی کا اوڑھنا بچھونا اور دربارہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضری کو اپنا شعار و دیار بنائے رکھا۔ اس طویل مدت میں ایک دن بھی تدریس کا ناغہ نہیں کیا۔ پابندی وقت کے سلسلے میں وہ اپنے عظیم وجلیل استاذ

حضرت مولانا قاری رحیم بخش رحمۃ اللہ علیہ کی یادگار تھے۔اس عرصہ میں ہزاروں کی تعداد میں آپ نے قرآن کریم کے حفاظ تیار کیے، حتیٰ کہ حرمین شریفین کے متعدد ائمہ کرام بھی آپ کے حلقہ تلمذ میں شامل ہیں۔

آپ رحمۃ اللہ علیہ کا ایک مبارک معمول یہ تھا کہ ہر جمعرات کو کئی افراد پر مشتمل اپنے متعلقین کا ایک قافلہ لے کر مکہ مکرمہ زادھا اللہ شرفا تشریف لے جاتے ۔عمرہ ادا فرماتے ،شب جمعہ حرم مکی میں گزارتے اور جمعہ شام تک مدینہ منورہ واپس آجاتے تاکہ تدریسی معمول میں کوئی خلل واقع نہ ہو، بلاشبہ یہ عمل آپ رحمۃ اللہ علیہ کی عبادت گزاری اور احساس ذمہ داری کا حسین امتزاج ہے۔اخلاق ومروت کا یہ عالم تھا کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا دسترخوان ہر آنے والے کے لیے ہمیشہ کشادہ رہتا خصوصاً جامعہ خیر المدارس کے اساتذہ و متعلقین جب بھی آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے تو نہایت مسرت سے اُن کا استقبال فرماتے اور پُرتکلف کھانے سے تواضع فرماتے۔راقم الحروف سے جامعہ خیر المدارس کی نسبت سے خصوصی محبت وشفقت کا معاملہ فرماتے تھے۔مدینہ منورہ زادھا اللہ شرفا میں حاضری کے موقع پر جب بھی قدم بوسی کی سعادت حاصل ہوتی تو آپ رحمۃ اللہ علیہ بے حد شفقت فرماتے اور اصرار فرماتے کہ کم از کم ایک وقت کا کھانا آپ کے ساتھ ضرور تناول کیا جائے ۔حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی یہ کرم نوازیاں اور محبتیں ہمیشہ یاد رہیں گی۔

آج جامعہ خیر المدارس اپنے اس لائق وفائق فرزند کی جدائی پر سوگوار ہے، اس کی فضائیں غمگین اور درو دیوار اشکبار ہیں۔جامعہ کے اساتذہ کرام حضرت مولانا نجم الحق جالندھری صاحب، حضرت مولانا مفتی محمد انور اوکاڑوی صاحب ،حضرت مولانا مفتی محمد عبداللہ صاحب، حضرت مولانا محمد عابد مدنی صاحب ،حضرت مولانا ازہر صاحب ،حضرت مولانا شمشاد احمد صاحب ،حضرت مولانا قاری محمود احمد صاحب حضرت مولانا قاری محمد اقبال صاحب ، حضرت مولانا احمد حنیف جالندھری صاحب ،حضرت مولانا عبدالمنان صاحب اور دیگر تمام اساتذہ کرام نے بھی حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار فرمایا ہے۔یہ بھی رب کریم کی حضرت رحمۃ اللہ علیہ پر خاص عنایت ہے کہ اُس نے قرآن کریم کے اس عاشق صادق کو نزول قرآن کے مبارک مہینے میں اور دار الہجرۃ کی مقدس فضاؤں میں اپنے جوار رحمت میں بلایا ہے۔اللہ تبارک وتعالیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی نصف صدی سے زائد قرآنی خدمات کو شرف قبولیت عطا فرمائیں،اُن کی کامل مغفرت فرمائیں، درجات عالیہ نصیب فرمائیں اور جنت البقیع میں تدفین کو مزید سعادتوں کے حصول کا ذریعہ بنائیں۔

تمام احباب سے گزارش ہے کہ آپ حضرات حضرت قاری صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے لیے ایصال ثواب کا اہتمام فرمائیں،خصوصاً تلاوت قرآن، دعا اور صدقہ جاریہ کے ذریعے انہیں اپنی حسنات میں شریک فرمائیں۔

نئے تعلیمی سال کا آغاز: ارباب مدارس سے چند گذارشات

مولانا محمد قمر الزماں ندوی

اسلامی سال کی ابتداء تو ماہ محرم الحرام سے ہوتی ہے، لیکن برصغیر ہند و پاک میں مدارس اسلامیہ میں نئے تعلیمی سال کا آغاز ماہ شوال المکرم سے ہوتا ہے، رمضان المبارک کی لمبی وطویل تعطیل (چھٹی) کے بعد ماہ شوال کی ابتداء میں ہر چہار جانب سے مدارس اسلامیہ کی طرف طلبہ کا رجوع ہوتا ہے، اور تقریباً ماہ شوال کا اکثر حصہ بلکہ بڑے اور مرکزی مدرسے میں ذی قعدہ کا پہلا عشرہ بھی داخلہ کی کارروائی میں گزر جاتا ہے۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ مدارس اسلامیہ دین کے مضبوط قلعے ہیں، فہم شریعت اور قرآن وسنت کے ترجمان ہیں۔ یہ مردم گری ورجال سازی کے کارخانے ہیں، صحیح اقدار وروایات کے امین ہیں، انسانیت کی تعمیر وتشکیل میں ان کا اہم رول ہے، قوم وملت کو باطل سے ٹکرانے کا بھرپور سلیقہ اور طاقت ان ہی مدارس کے اندر ہے۔ اسلامی تشخص اور ملی شعار کے بقا میں ان مدارس کا نمایاں رول وکردار ہے ملت کے نونہالوں کو ارتداد سے بچانے میں ان مدارس کا زبردست کردار ہے اور آج بھی یہ دینی مدارس یورپین تہذیب اور مغربی کلچر اور لادینی ثقافت سے اپنے جیالوں اور سپوتوں کو کسی نہ کسی حد تک محفوظ رکھے ہوئے ہیں۔ اسلام اور شعار اسلام کو باقی رکھنے کے لئے مدارس کی کل بھی ضرورت تھی آج بھی ہے اور کل مستقبل میں بھی رہے گی۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ ماضی میں مدارس کا جو رول اور کردار رہا ہے اب اس میں کمی اور زوال ارہا ہے اور اس کی فعالیت میں بہت کمی آ گئ ہے اس کی بنیادی وجہ جہاں اخلاص وللّٰہیت کی کمی ہے وہیں نظام تعلیم وتربیت اور داخلہ کی کاروائی میں بے شمار خامیاں، کمیاں اور نقائص بھی ہیں، جن میں سے چند کی جانب تدارک اور سدباب کے لئے کچھ تجویزیں پیش کرتے ہیں:

(۱) اکثر مدارس میں داخلہ کی کاروائی میں تقریباً پورا مہینہ (بلکہ بعض مرکزی اداروں میں ذی قعدہ کا پہلا عشرہ) صرف ہوجاتا ہے، طلبہ کی آمد میں یکسانیت نہیں ہوتی، افراط وتفریط پائی جاتی ہے۔ کچھ طلبہ شوال کے شروع میں وقت پر ہی آجاتے ہیں لیکن ان کی تعداد آٹے میں نمک کے برابر ہے، کچھ طلباء درمیان شوال اور اخیر شوال میں اور بہت سے طلباء تو ذی قعدہ کے آخری عشرہ میں آتے ہیں۔ اس لئے اس میں یکسانیت لانے کی سخت ضرورت ہے، اس کے لئے ایسا مضبوط نظام اور لائحہ عمل مرتب کیا جائے کہ طلبہ وقت مقررہ پر مدرسہ حاضر ہوجائیں اور خوشگوار

ماحول میں دو تین دن کے اندر اپنے داخلے کی کارروائی اور تجدید داخلہ کرالیں۔

جدو قدیم طلبہ کے داخلہ کے کارروائی ایک ہفتہ میں ممکن ہے یہ کام اتنے وقت میں آسانی سے انجام پاسکتا ہے لیکن خواہ مخواہ اس کو طول دیا جاتا ہے اور ہفتہ کے کام کو مہینے میں پھیلا دیا جاتا ہے۔طلبہ کو ہر حال میں مکلف بنایا جائے کہ وہ وقت مقررہ پہ ضرور پہنچ جائیں۔

(۲) نئے طلبہ کے داخلے کے لئے جو ٹیسٹ اور امتحان لیا جائے اس میں کسی طرح کی کوئی رعایت نہ برتی جائے اور قابلیت واستعداد اور اہلیت ہی کی بنیاد پر مطلوبہ درجہ میں داخلہ دیا جائے۔

(۳) تعلقات ،رابطے اور بے جا سفارش کی بنیاد پر بھی کسی طالب کو اوپر درجہ میں بغیر قابلیت اور استحقاق و استعداد کے داخل نہ کیا جائے۔

(۴) طالب علم سابقہ مدرسہ سے جو تصدیق نامہ لائے اس کی بھی تحقیق کی جائے اور وہاں کے ذمہ داروں سے اطمینان حاصل کرلیا جائے۔داخلے کے وقت نام،مقام اور تاریخ پیدائش وغیرہ کے خانہ کو صحیح سے پر کرایا جائے اور اس کی وضاحت بھی کردی جائے کہ بعد میں اس میں تبدیلی ممکن نہیں ہے۔مشکوک اور اجنبی طالب علم کا داخلہ بغیر تصدیق اور تحقیق کے نہ لیا جائے۔طلبہ کو پابند بنایا جائے کہ دوران طالب علمی خارجی سرگرمیوں میں جو تعلیم وتربیت کے لئے مضر ہیں قطعا شریک نہیں ہوں گے۔

(۵) مستحق اور حق دار طلبہ ہی کا غیر مستطیع داخلہ لیا جائے اور اس سلسلے میں پوری تحقیق اور چھان بین کی جائے اور ایک نظام مرتب کیا جائے،جس سے مستحق اور غیر مستحق کا امتیاز اور فرق ہوسکے۔عام طور پر دیکھا جارہا ہے کہ طالب علم غیر مستطیع داخلہ لے کر مدرسہ میں پڑھ رہا ہے۔اس کے گھریلو حالات کی تفتیش نہیں کی گئی،اب حال یہ ہے کہ اس طالب علم کے پاس مہنگا ملٹی میڈیا موبائل ہے جس کی قیمت بیس ہزار سے چالیس ہزار تک ہے اور پکڑے جانے پر بہانا بناتا ہے کہ میرا موبائل نہیں ہے،محلہ کے فلاں دوست کا ہے،ہم نے اس سے تھوڑی دیر کے لئے لیا تھا۔

(۶) مدارس اسلامیہ میں موبائل کے استعمال پر پابندی ہو اور خبر رسانی اور طلبہ کو وقت ضرورت ان کے گھریلو حالات اور خیر وخیرت سے آگاہ اور واقفیت کرانے کے لئے کوئی نعم البدل تلاش کیا جائے،اس کی بہترین صورت یہ ہے کہ ہر ہاسٹل میں لینڈ لائن فون کا انتظام کیا جائے،عموما مدارس میں موبائل پر جو پابندی نہیں لگ پاتی ہے اس ایک وجہ ذمہ دارن مدارس کا یہ خوف اور واہمہ ہے کہ اگر موبائل پر پابندی لگا دیں گے تو طلبہ کم ہوجائیں گے اور وہ دوسرے مدرسہ میں داخلہ لے لیں گے۔ایک اور وجہ اسٹاف اور اساتذہ کے بچے بھی بنتے ہیں جو مخصوص بچوں کے موبائل فون اپنے گھر میں رکھتے ہیں اور چھپ چھپا کر ان دوست طلبہ کو دیتے رہتے ہیں۔طلبہ میں اور خاص طور پر

مدارس اسلامیہ کے طلبہ میں علمی واخلاقی انحطاط وزوال اور پستی کی وجہ ملٹی میڈیا موبائل کا استعمال ہے۔اس آلہ کے غلط استعمال نے طلبہ کو کہیں کا نہیں رہنے دیا ہے۔طلبہ کے اندر علمی اور ادبی ذوق وشوق کا فقدان اسی آلہ کی وجہ سے ہے،طلبہ ہی نہیں مدارس کے اساتذہ کرام بھی موبائل فون میں گھنٹوں اپنا قیمتی وقت ضائع کرتے ہیں اور موبائل کو ٹائم پاس کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ اگر طلبہ اور اساتذہ اس کا صحیح استعمال کرلیں اور اس کو خبر رسانی کے ساتھ معلومات اور علمی چیزوں کے لئے استعمال کرنے لگیں تو اس سے بہت فائدہ اٹھا سکتے ہیں کیونکہ اس میں بہت سے علمی ایپس وغیرہ بھی موجود ہیں مثلاً شاملہ اور ڈکشنری اور تحقیقی مواد وغیرہ لیکن کم لوگ ہیں جو اس کو مثبت کاموں کے لئے استعمال کرتے ہیں۔زیادہ تر طلبہ اس میں گیم کھیلتے نظر آتے ہیں تصویریں کھینچتے ہیں سیلفی لیتے ہیں یا جوک اور گانا سنتے ہیں۔دنیا کی ہر برائی اور فحش اس میں موجود ہے جو طالب علم ان فحش اور گندی چیزوں کو دیکھے گا وہ کبھی روحانی اور ربانی علم سے اپنے کو بہرہ مند نہیں کر سکے گا۔کیوں کہ علم دودھ کی طرح ہے جس طرح دودھ کو صحیح رکھنے کے لئے برتن کا صاف وشفاف رکھنا ضروری ہے اسی طرح علم کی حفاظت اور حصول کے لئے ظاہر و باطن جسم اور روح کو پاک صاف رکھنا ضروری ہے۔

(۷) مدارس اسلامیہ میں داخلہ کے نظام کو چوکس کیا جائے اور جدید عصری و دینی تعلیم گاہوں سے اور وہاں کے نظام داخلہ سے استفادہ کیا جائے،،ہر طالب علم کا پورا ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ ہو۔جب ضرورت پڑے اس کے پورے تعلیمی اور اخلاقی ریکارڈ کو دکھایا جا سکے۔پورے سال کی چھٹیوں کا نظام اور تعلیمی وغیر نصابی سرگرمیوں کی ترتیب پہلے سے بنالی جائے اور اس کو مرتب کر کے اس کے مطابق عمل کرایا جائے،موسم اور حالات کی وجہ سے اس میں جزوی تبدیلی کی جا سکتی ہے۔طلبہ کی چھٹی کا بھی باقاعدہ نظام ہو،درخواست کے بغیر چھٹی قطعاً نہ دی جائے،اس کو خود سے درخواست لکھنے کا مکلف بنایا جائے۔بہت سے طلبہ ہیں جو منتہی درجات میں پہنچ جاتے ہیں لیکن ان میں درخواست لکھنے کی لیاقت اور صلاحیت نہیں ہے۔درجہ میں حاضری فیصد اور ثقافتی سرگرمیوں اور پروگراموں میں حاضری فیصد کا نظام بہت ہی چوکس بنایا اور رکھا جائے اور اس پر سختی سے عمل کرایا جائے۔

(۸) نظام الساعات والدروس یعنی گھنٹوں کی ترتیب کسی ماہر تجربہ کار اور باصلاحیت استاد کے سپرد ہو،جن کو تعلیمی تجربہ ہو اور درس وتدریس کا سلیقہ ہو،اور اساتذہ کی صلاحیت اور ان کے فن سے دلچسپی سے واقف وآگاہ ہو اور بہتر یہ ہے کہ خود ناظم مدرسہ اور مہتمم صاحب اس پر نظر ثانی کریں اور اس کو ملاحظہ کرلیں۔جس استاد کو جس فن سے دلچسپی ہو اور جس فن میں اختصاص ہو وہی فن اور مضامین ان کے سپرد کئے جائیں۔تعلقات اور رابطہ کی بنیاد پر کسی نااہل اور

غیر صلاحیت منداستاد کو کوئی کتاب تدریس کے لئے ہرگز نہ دی جائے۔

(۹) اساتذہ کی تقرری میں رشتے ناطے اور تعلقات کو نہ نبھایا جائے بلکہ علمی اور تدریسی ملکہ کو ترجیح دی جائے۔ صلاحیت ولیاقت کے ساتھ ان کی صالحیت کو بھی دیکھا اور پرکھا جائے۔بعض اساتذہ بہت ذہین ہوتے ہیں، اچھی صلاحیت اور استعداد کے مالک ہوتے ہیں لیکن ذہن معتدل اور ہموار نہیں ہوتا، بڑوں کی صحبت میں نہیں بیٹھے ہوتے ہیں اور نہ ان سے براہ راست استفادہ کئے ہوتے ہیں، بلکہ ایسے لوگ اس کو اپنے لئے کسر شان سمجھتے ہیں۔ ایسے لوگ اور ایسے اساتذہ سے ان کی صلاحیت واستعداد کے باوجود مدرسہ کو فائدہ کم ،نقصان زیادہ پہنچتا ہے۔ وہ طلبہ کی غلط اور منفی رہنمائی کرتے ہیں جس سے مدرسہ میں آئے دن ہنگامہ کھڑا رہتا ہے ایسے اساتذہ پس پردہ بہت کچھ گل کھلاتے رہتے ہیں۔ بہت کم ادارے اور مدارس ان سے خالی ہیں۔

(۱۰) اساتذہ کرام کی ٹریننگ اور ان کے اندر تدریسی ملکہ اور صلاحیت پیدا کرنے کے لئے ماہرین تعلیم وتربیت کے محاضرات رکھے جائیں۔

سبق کی پیشگی تیاری یہ طریقہ تدریس آج عصری اداروں میں مقبول ہے اور اس انداز تدریس کا فائدہ بھی زیادہ نظر آرہا ہے، مدارس کے اساتذہ کرام کو بھی اس سے واقف کرایا جائے اور اس کے مطابق تدریس کا پابند بنایا جائے۔ تمام کتابوں اور فنون میں تو یہ ممکن نہیں ہے لیکن بعض فنون اور کتابوں میں مدارس میں بھی ایسا ممکن ہے۔لیکن اس میں محنت زیادہ کرنی پڑے گی۔

(۱۱) ارباب مدارس کو چاہئے کہ وقفہ وقفہ سے اساتذہ کرام سے تعلیم وتربیت کو مفید اور بہتر بنانے کے حوالے سے صلاح ومشورہ کرتے رہیں، نظام تعلیم کو بہتر اور مفید بنانے کے حوالے سے ان کی طرف سے جو آراء اور مشورے آئیں ان پر عمل کیا جائے اور ان کی رائے کو اہمیت دی جائے۔

(۱۲) ہر درجہ کے لئے معلم درجہ کا انتخاب کیا جائے اور اس کلاس اور درجہ کی جملہ ذمہ داری اور طلبہ کو بنانے اور سنوارنے کی ذمہ داری ان کے سپرد کی جائے۔ اور اس کے لئے معلم درجہ کو تنخواہ کے علاوہ خصوصی الاونس دیا جائے۔ اور جس درجہ کے طلبہ مدرسہ میں نمایاں کامیابی حاصل کریں اس کلاس کے معلم درجہ اور کلاس کے طلبہ کو انعامات، طمغہ اور توصیفی اسناد سے نوازا جائے۔

(۱۳) نمایاں کامیابی اور بہتر کارکردگی کرنے والے طلبہ کو سال کے اختتام پر خصوصی انعام دیا جائے ،اسی طرح ان اساتذہ کرام کی حوصلہ افزائی کی جائے جنھوں نے کما حقہ تدریسی اور ثقافتی ذمہ داری کو نبھایا ،اور مدرسے کی شہرت اور نیک نامی کا ذریعہ بنے۔

(۱۲) ہر بڑے مدرسہ میں تقریبا کتب خانہ کا نظام ہوتا ہے، کہیں کا کتب بڑا ہوتا ہے اور معیاری بھی اور کہیں کا چھوٹا بھی۔ لیکن آج کل زیادہ تر مدارس میں کتب خانہ مہمانوں کو دکھانے کے لئے شوپیس ہوتا ہے، کتب خانہ سے استفادہ کا مزاج نہ طلبہ میں ہوتا ہے اور نہ ہی اساتذہ میں، الا ماشاءاللہ!۔

بہت سے مدارس کے ذمہ دار تو مالی فراہمی اور دیگر امور میں اتنے مصروف ہوجاتے ہیں کہ کتب خانہ کی طرف دیکھنے اور جھانکنے کی بھی ان کو فرصت نہیں ملتی۔ ارباب مدارس کو چاہئے کے ان کے اندر بھی کتب بینی کا بھرپور ذوق ہو اور وہ بھی براہ راست کتب خانہ سے استفادہ کریں تاکہ طلبہ اور اساتذہ میں بھی ذوق وشوق پیدا ہو۔

(۱۳) حضرات اساتذہ کو معاشی واقتصادی پریشانی اور ذہنی پریشانی سے آزاد رکھنے کے لئے مناسب اور ٹھوس لائحہ عمل طے کیا جائے اور وہ اساتذہ جو گھریلو حالات اور معاشی دقت کی وجہ سے پریشان رہتے ہیں خاموشی سے ان کی مدد کی اور کرائی جائے۔

(۱۴) ان اساتذۂ کرام کو جو مکمل طور پر تدریس سے جڑے رہتے ہیں اور تدریس ہی کے لئے سال بھر اپنے کو یکسو رکھتے ہیں ان کو وصولی اور چندہ پر مجبور نہ کیا جائے، رمضان المبارک میں ان کو فرصت دے دی جائے کہ وہ اپنے گاؤں اور علاقہ کے لوگوں کی خدمت کریں اور وہاں دعوتی اور تبلیغی کاوشوں میں مصروف رہیں تاکہ کچھ مدت اپنے علاقہ میں کچھ خدمت انجام دے سکیں۔ اور آیت قرآنی اور حکم ربانی: ثم رجعوا الی اھلھم لعلھم یحذرون پر بھی عمل کرسکیں۔ ہاں وہ اساتذۂ کرام اور حضرات معلمین جن کا پہلے سے حلقہ بنا ہے اور وہ خوشی خوشی اس فریضہ کو انجام دینا چاہتے ہیں ان کو اس مہم پر اور اس مقصد کے لئے بھیجنے میں کوئی حرج نہیں ایسے اساتذہ کو رمضان المبارک کی ڈبل تنخواہ کے علاوہ حق الخذمت اور اکرامیہ کے طور پر معقول رقم دینے کی بھی کوشش کرنی چاہیے۔ تاکہ وہ اس کام کو بھی لگن اور دلچسپی کے ساتھ انجام دینے کی فکر کریں۔

بعض مدارس کے ارباب اہتمام اور ذمہ داران نے جب اس فکر کو اوڑھ لیا کہ حضرات اساتذہ کو رمضان کے موقع پر عیدی کے نام پر کچھ رقم دیں گے اور بغیر سفارتی خدمت کے بھی ان کو رمضان کی ڈبل تنخواہ دیں گے اور اس کے لئے کچھ ایسے لوگوں سے ملاقات کی جن کو حضرات علماء کرام اور مدارس کے اساتذہ سے محبت وعقیدت ہے اور وہ ان کا دل سے احترام واکرام کرتے ہیں تو یہ مہم بھی ان کے لئے آسان ہوگئی اور یہ سلسلہ شروع ہوگیا۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ ارباب اہتمام اور ذمہ داران مدارس حضرات اساتذہ کو ملازم اور خادم نہ سمجھ کر دین کا رہبر اور محافظ و ترجمان سمجھیں اور دل سے ان کی قدر کریں۔

(۱۵) رمضان میں چونکہ کئی گنا اخراجات بڑھ جاتے ہیں اس لئے حضرات اساتذہ کے لئے رمضان بونس کا

خصوصی انتظام کیا جائے اگر کسی وجہ سے رمضان سے قبل یہ بونس نہ مل سکے تو عید کے بعد مدرسہ کھلنے پر یہ بونس اساتذہ کو مل جایا کرے۔

(۱۶) طلبہ میں آفاقیت، وسعت اور علمی تبحر اور گہرائی و گیرائی پیدا کرنے کے لئے دوران سال مختلف علمی وفقہی موضوعات پر ماہرین فن علماء اور ماہرین کے محاضرات رکھے جائیں اور اسلام پر جدید ذہنوں کے اعتراضات پر طلبہ کے درمیان مکالمہ اور مباحثہ کرایا جائے۔ اس طرح کے پروگرام اور محاضرات سے ہمارے طلبہ کا علمی معیار بلند ہوگا اور جدید ذہنوں کے اعتراضات کا جواب دینا آسان ہوگا۔

(۱۷) فرق باطلہ کے تعارف پر طلبہ کو آمادہ کیا جائے، آج علمی پستی اور گراوٹ کا حال یہ ہے کہ طلبہ مدرسہ سے فارغ ہوجاتے ہیں اور ان کو ادیان و مذاہب کی حقیقت اور فرق باطلہ کے بارے میں بنیادی اور ابتدائی معلومات بھی نہیں ہوتی۔ علم کلام کسے کہتے ہیں اس کی کیا حقیقت ہے اس سے بھی ناواقف ہوتے ہیں۔

(۱۸) مدارس اسلامیہ میں علمی گراوٹ کی ایک اہم اور بنیادی وجہ ملٹی میڈیا موبائل کا بے لگام استعمال ہے، اس کے مضر اور منفی پہلو کا تذکرہ اوپر بھی کیا گیا تھا۔

آج ہم مدارس میں طلبہ پر اس موبائل کے استعمال پر پابندی لگانے میں ہر طرح سے ناکام ہیں اور ایک طرح سے ہمت ہار گئے ہیں اور اپنی شکست تسلیم کر چکے ہیں جب کہ یہ کام بہت مشکل اور دشوار نہیں ہے۔

ارباب مدارس ڈرتے اور گھبراتے ہیں کہ اگر ہم زیادہ سختی کریں گے تو طلبہ کم ہوجائیں ہمارا ہاسٹل خالی ہوجائے گا۔ اور یہاں کے طلبہ دوسرے مدرسے چلے جائیں گے جہاں موبائل کے استعمال پر مکمل چھوٹ ہے۔ بعض طلبہ نے رازدارانہ انداز میں احقر سے اکر کہا کہ مولانا صاحب! جب تک اس موبائل پر پابندی نہیں لگے گی اور اس پر سختی نہیں ہوگی ہم میں سے اکثر طلبہ کامیاب اور صلاحیت مند نہیں بن پائیں گے، خدارا اس پر سخت قانون بنوایئے، ان طلبہ کی وجہ سے جو ایسے موبائل استعمال کرتے ہیں، کمرہ کا ماحول گندہ رہتا ہے، فیس بک اور واٹسیف پر عریاں تصوریں کثرت سے آتی ہیں جس کی وجہ سے طلبہ کا ذھن منتشر رہتا ہے اور پڑھنے میں ان کی طبیعت نہیں لگتی ہے۔ اور اس ماحول کا اثر ہم لوگوں پر بھی پڑ رہا ہے، یہ گھر کے فرد کی گواہی ہے۔ اس لئے اس سلسلہ میں ٹھوس اور مضبوط قانون بنانے کی سخت ضرورت ہے۔

(۱۹) دارالاقامہ (ہاسٹل) میں طلبہ کی رہائش اور قیام کے سلسلے میں اس بات کا خیال رکھنا بہت ہی ضروری ہے کہ ایک ہی ضلع اور صوبہ کے طلبہ کو ایک کمرہ میں نہ رکھا جائے بلکہ متعدد صوبے اور ضلع کے الگ الگ طلبہ کو ایک کمرہ میں جگہ دی جائے تاکہ علاقیت اور عصبیت کا ماحول نہ پنپنے پائے اور نہ اس کے جراثیم جنم لے سکیں۔ اسی طرح علاقائی

اورصوبائی سطح اور بنیاد پر کسی تنظیم، بزم اور تحریک وسوسائٹی بنانے کی اجازت نہ دی جائے۔

(۲۰) طلبہ کو خارجی اور بیرونی سرگرمیوں اور مصروفیات سے روکا جائے اور کسی بھی ریلی، مظاہرہ اور سیاسی پروگرام میں طلبہ بغیر ادارے کی اجازت کے قطعاً شریک نہ ہوں۔(بعض وقت ملکی حالات اور مصلحت اور ملک و ملت کے وسیع تر فائدہ کے لئے اجازت دی جاسکتی ہے)

(۲۱) ارباب اہتمام اس بات بھی خیال رکھیں کہ جس استاد کو دارالاقامہ کا نگراں متعین کریں اس کے اندر نگرانی کی اہلیت ہو، وہ بچوں کی نفسیات اور ان کے مزاج و رجحان سے واقف ہو، نیز طلبہ کی تربیت کے اصول و آداب سے بھی واقفیت رکھتا ہو۔نگراں حضرات کو چاہئے کہ کبھی کبھی ذمہ دار قسم کے طلبہ کو بلا کر دارالاقامہ اور ہاسٹل کی صفائی ستھرائی کے بارے میں مشورہ کریں اور دارالاقامہ کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے ان کی رائے کو بھی جانیں۔کبھی کبھی ہاسٹل میں اجتماعی کھانے کا نظم بھی ہو اور نگراں حضرات اور ذمہ داران مدارس بھی اس میں شریک ہوں اور اس کے لئے کچھ رقم مختص ہو جس میں طلبہ بھی شریک ہوں۔اور انتظامی امور طلبہ کے ہی سپرد رہے تاکہ ان کو بہت کچھ سیکھنے اور سمجھنے کا موقع ملے۔

(۲۲) مدارس کے اساتذہ عام طور پر غریب یا متوسط خاندان سے تعلق رکھتے ہیں، گھریلو اور معاشی پریشانی ان کا سب سے بڑا مسئلہ ہوتا ہے،،بہت سے اساتذہ کی طبیعت پڑھنے پڑھانے میں اس لئے نہیں لگتی ہے کہ وہ گھریلو حالات اور مسائل میں الجھے رہتے ہیں، ایسے پریشان حال اساتذہ پر انتظامیہ کی نظر رہنی چاہیے اور ان کی معاشی پریشانی اور مسائل کے لئے کوئی تدبیر اور صورت نکانی چاہیے۔

دوسری طرف مدارس کے اساتذہ کو بھی چاہیے کہ اپنے اندر احساس کمتری واحساس کہتری نہ پیدا ہونے دیں۔ بلکہ اپنے اندر خودی، خودداری اور خود اعتمادی کی دولت پیدا کریں۔مسائل، مشکلات اور حالات کو جھیلنے، انگیز کرنے اور برداشت کرنے کا حوصلہ پیدا کریں اور اس مصرعہ اور حقیقت پر خاص طور پر نظر رکھیں کہ:

''جس کو ہو جان و دل عزیز اس کی گلی میں جائے کیوں؟''

کامیاب معلّم کے اوصاف

مولانا مفتی محمد منصور احمد

کسی بھی نظامِ تعلیم کی کامیابی کیلئے معلّم کا کردار ریڑھ کی ہڈی سے زیادہ اہمیت کا حامل ہے اور کسی بھی معاشرے میں معلم کی اہمیت وعظمت ایک مسلمہ امر ہے۔اس موضوع پر بہت کچھ لکھا گیا ہے اور جب تک اس دنیا میں تعلیم و تعلم کا سلسلہ رواں دواں ہے' اس پر لکھا جاتا رہے گا۔ ماضی قریب میں مصر کے عظیم شاعر' امیر الشعراء احمد شوقی (1868ء1932ء) نے معلم کے احترام ومقام پر ایک شہرۂ آفاق قصیدہ کہا' جس کے چند ابتدائی تین اشعار بہت ہی زبردست ہیں۔وہ کہتے ہیں:

قُم للمعلّم و فّهِ التبجيلا		كاد المعلّم ان يكون رسولاً
اعلمت اشرف او اجلّ من الذی		يبنى و ينشئى أنفساً و عقولا
سبحانک اللهم خير معلّم		علمت بالقلم القرون الأولىٰ

(معلم کے احترام میں کھڑے ہوجائیں اوراس کو پوری تعظیم دیں۔معلم کا مقام تو یہ ہے کہ وہ (نسلوں کے درمیان) قاصد اور سفیر بن سکتا ہے۔کیا آپ اُس سے زیادہ عزت وعظمت کا حق دار کسی کو سمجھتے ہیں' جو انسانوں کو بناتا ہے اور عقل کو پروان چڑھاتا ہے۔اے اللہ! آپ ہی سب سے بہترین معلم ہیں کہ آپ نے پہلے زمانے والوں کو "قلم" کے ذریعے علم سکھایا۔یہ قرآن مجید کی آیت "علّم بالقلم" کی طرف اشارہ ہے۔

اس موقع پر زیادہ قابلِ توجہ بات یہ ہے کہ معلم کا کردار جتنا اہم اور مقام جتنا بلند ہے' اتنا ہی یہ منصب نازک اور حساس بھی ہے۔مسلمانوں کا ماضی گواہ ہے کہ جن معلمین میں خود خدا ترسی' فکرِ آخرت' اتباعِ سنت اور مزاج شناسی جیسی اعلیٰ صفات تھیں' ان کی درسگاہ سے اٹھنے والا ہر شاگرد آسمان علم وفضل کا آفتاب و ماہتاب بن کر چمکا اور مسلم معاشرے نے انہیں ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا۔

آپ حضرت امام ابوحنیفہؒ اور ان کے گرد پھیلی ہوئی تلامذہ کی کہکشاں کو دیکھ لیں۔حضرت قاضی ابو یوسفؒ ،امام محمد بن حسنؒ، امام زفر بن ہذیلؒ، امام عبداللہ بن مبارکؒ، امام حسن بن زیادؒ، اور ایسے درجنوں عظیم نام ہیں جو آج

بھی تاریخ کے صفحات میں جگمگا رہے ہیں۔ایسا لگتا ہے کہ امام عالی مقام ابوحنیفہ نعمان بن ثابتؒ کی نظر کیمیاء اثر جس پر پڑتی گئی، جس نے آپ کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کر لیے اور جسے تقدیر الٰہی نے آپ کی مجلس تک پہنچا دیا، وہ خود زمانے کا مقتداء، راہنما اور امام بن گیا۔

اسی طرح آپ قریبی دور میں حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ کے تلامذہ کی فہرست پر ایک نظر ڈالیں تو یہاں آپ کو حضرت حکیم الامت مولانا محمد اشرف علی تھانویؒ جیسے صاحب بصیرت، شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنیؒ جیسے مجاہدانہ جذبات کے حامل، مفتیٔ اعظم ہند مفتی کفایت اللہ دہلویؒ جیسے فقیہ، شیخ الاسلام مولانا شبیر احمد عثمانیؒ جیسے مفسرِ قرآن اور امام العصر مولانا محمد انور شاہ کشمیریؒ جیسے عظیم محدث، سب ایک ہی صف میں بیٹھے نظر آئیں گے۔ یہ معلم ہی ہوتا ہے جو زمین پر پھیلے ہوئے لاکھوں پتھروں میں سے کسی ہیرے کو اٹھاتا ہے اور پھر اُس کی تراش خراش کر کے جب اُسے زمانے کے سامنے پیش کرتا ہے تو اُس کی چکا چوند روشنی سے ایک دنیا منور ہو جاتی ہے۔لیکن اگر خدانخواستہ معلم ہی خوفِ خدا سے خالی اور فکر آخرت سے عاری ہو جائے، وہ اپنے فرائض سے غافل اور احساس ذمہ داری سے بے پرواہ ہو جائے، اُس میں اخلاص نیت اور پیشہ وارانہ صفات کا فقدان ہو جائے تو اس کے ہاتھوں سے قوم کی نئی نسل کو تباہی سے کوئی نہیں بچا سکتا۔

معلم کے مقام کی اسی نزاکت کے پیش نظر قدیم وجدید بہت سے اکابر ملت نے معلم کو اس کے فرائض کا احساس دلانے کیلئے قلم اٹھایا ہے اور یوں اس موضوع پر بہت سی قیمتی اور اہم کتابیں وجود میں آئی ہیں۔مشہور محدث اور شافعی فقیہ شیخ الاسلام قاضی بدر الدین بن جماعۃ رحمۃ اللہ علیہ (۶۳۹ھ تا ۷۳۳ھ) کی شہرۂ آفاق کتاب ''**تذکرۃ السامع و المتکلم فی آداب العالم و المتعلم**'' بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے۔آپ کی علمی حیثیت کے تعارف کیلئے اتنا کہنا کافی ہے کہ امام ذہبیؒ، امام تاج الدین سبکیؒ، امام ابن قیمؒ اور امام ابن کثیرؒ جیسے عظیم نام آپ کے شاگردوں کی فہرست میں آتے ہیں۔آپ کے شاگرد امام سبکیؒ نے تو بہت ہی بلند پایہ الفاظ سے اپنے استاذ کی تحسین کی ہے۔وہ ''طبقات الشافعیۃ الکبریٰ'' میں لکھتے ہیں:

''شیخنا قاضی القضاۃ بدر الدین . . . حاکم الاقلیمین مصراً و شاماً و ناظم عقد الفخار لا یسامی، متحلّ بالعفاف، متخلّ الاعن مقدار الکفاف، محدث فقیہ، ذو عقل لا یقوم اساطین الحکماء بما جمع فیہ''

قاضی بدر الدین محمد بن ابراہیم بن جماعہ الکینانی الشافعیؒ کی شہرہ آفاق کتاب ''**تذکرۃ السامع و المتکلم فی ادب العالم و المتعلم**'' کے دوسرے باب میں اساتذہ کیلئے بیان کیے گئے انتہائی اہم اور قیمتی آداب کا خلاصہ: یہ آداب تین طرح کے ہیں:

سب سے پہلے عالم یعنی استاذ کے ذاتی اوصاف وآداب اور یہ کل بارہ ہیں:

(۱)......تنہائی اور سب کے سامنے ہمیشہ اللہ تعالیٰ کا دھیان رکھے۔اپنی تمام حرکات وسا کنات اور اپنے تمام اقوال و افعال میں اللہ تعالیٰ کے خوف کا لحاظ رکھے۔

(۲)......اپنے علم کو ذلت سے بچانے کا اہتمام کرے جیسا کہ پہلے اہل علم نے کیا۔اللہ تعالیٰ نے علم کو جو عزت و احترام بخشا ہے اس کی حفاظت کرے۔

(۳)......دنیا کے بارے میں زہد وقناعت پسندی کی عادت ڈالے۔دنیاوی ساز وسامان میں اس قدر کمی کرلے کہ جس سے اس کو اور اس کے گھر والوں کو تکلیف نہ پہنچے۔

(۴)......اپنے علم کو اس سے بچائے کہ اس کے ذریعے جاہ و مال،شہرت و ناموری کوئی عہدہ یا اپنے ہم عصروں پر برتری جیسی دنیاوی اغراض حاصل کرے۔

(۵)......ایسا پیشہ اختیار کرنے سے پرہیز کرے جسے طبعی طور پر گھٹیا سمجھا جاتا ہو۔یا شرعی اعتبار سے وہ کام ناپسندیدہ ہو۔

(۶)......شعائر اسلام اور ظاہری احکام کو پابندی سے ادا کرے جیسے نماز با جماعت،سلام کو عام کرنا،نیکی کا حکم دینا، برائی سے روکنا اور اس کے نتیجے میں آنے والی آزمائشوں پر صبر کرنا۔

(۷)......اسے چاہیے کہ شرعاً جو کام مستحب ہیں ان کا بھی اہتمام کرے جیسا کہ قرآن مجید کی تلاوت،دل اور زبان سے اللہ کا ذکر،دن اور رات کی مسنون دعائیں اور اذکار نفل نمازیں اور روزے،نفل،حج بیت اللہ شریف اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف۔

(۸)......اسے چاہیے کہ لوگوں کے ساتھ اچھے اخلاق سے پیش آئے جیسے خندہ پیشانی،سلام کو عام کرنا،لوگوں کو کھانا کھلانا،غصہ کو پی جانا،اپنی طرف سے کسی کو تکلیف نہ دینا اور اگر کسی کی طرف سے تکلیف پہنچے تو اسے برداشت کرلینا،جب کسی ایسے شخص کو دیکھے جو اچھے طریقے سے نماز نہیں پڑھتا یا صحیح وضو نہیں کرتا تو اسے نرمی اور شفقت سے سمجھائے۔

(۹)......اپنے باطن کو اچھے اخلاق سے مزین کرے اور برے اخلاق سے پاک صاف رکھے۔

برے اخلاق میں سے چند یہ ہیں:

کینہ،حسد،سرکشی،ذاتی وجوہات کی بناء پر غصہ ہونا،دھوکہ دہی،تکبر،دکھلاوا،خود پسندی،شہرت پسندی، بخل،خباثت نفس،حق بات ٹھکرا دینا،لالچ اور دیگر ایسے کئی برے اخلاق۔

اچھے اخلاق میں سے چند یہ ہیں:

ہمیشہ توبہ کرنا،اخلاص،اللہ تعالیٰ پر یقین،توکل،صبر،رضا،قناعت،تفویض،زہد،حسنِ ظن،شکر،مخلوق پر شفقت۔

ان سب اخلاق کی بنیاد اللہ تعالیٰ کی محبت ہے جو صرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی سے ہی مل سکتی ہے۔

(۱۰)......استاد کو چاہیے کہ وہ ہمیشہ خوب محنت سے اپنی عبادات، وظائف وغیرہ ادا کرتا رہے اور اپنے مطالعہ غور وفکر، حفظ، تصنیف اور بحث ومباحثہ میں اضافے کے لیے کوشش کرتا رہے۔

اپنی عمر عزیز کا کوئی حصہ ضائع نہ کرے اور جو دنیاوی ضروریات ہیں۔ان کے حصول کے بعد جتنا بھی وقت ملے اس کو مفید کاموں میں لگائے کیونکہ مومن کی عمر ایسی چیز ہے، جس کی قیمت نہیں لگائی جاسکتی۔

البتہ اپنی جان پر طاقت سے زیادہ بوجھ بھی نہ ڈالے کہ بالآخر اکتا کر اور تنگ آ کر مفید کاموں سے ہی پیچھے رہ جائے ۔اس سلسلے میں اعتدال کو اختیار کرنا چاہیے اور ہر شخص اپنے حالات سے زیادہ آگاہ ہوتا ہے۔

(۱۱)......استاد کو چاہیے کہ جو کچھ وہ نہیں جانتا اس کو حاصل کرنے میں شرم سے کام نہ لے خواہ ایسے شخص سے ہی استفادہ کرنا پڑے جو اس سے منصب، نسب یا عمر کے اعتبار سے کم ہو۔حکمت کی بات تو مومن کی گمشدہ دولت ہے، اسے جہاں سے بھی ملے وہ لے لیتا ہے۔

(۱۲)......اپنے اندر کمال اور اہلیت پیدا کرنے کے بعد تصنیف وتالیف میں بھی مشغول رہے۔اور اپنی تصنیف کردہ کتاب کو تب تک عام نہ کرے جب تک اس پر اچھی طرح نظر ثانی نہ کر لے۔

(2)... دوسرے نمبر پر اساتذہ کیلئے وہ آداب ہیں جن کا تعلق ان کے درس سے ہے۔

یہ آداب بھی کل بارہ ہیں:

(۱)...... جب مجلس درس میں جانے کا ارادہ ہو تو پہلے خوب پاکی حاصل کرے، صاف ستھرے کپڑے زیب تن کرے اور اس میں استاد کی نیت علم کی تعظیم اور شریعت کے احترام کی ہونی چاہیے، پھر اگر مکروہ وقت نہ ہو تو دو رکعات نمازِ استخارہ پڑھے، اور اپنی نیت کو اللہ تعالیٰ کے احکام پہنچانے اور علم میں اضافہ وغیرہ پر مرکوز رکھے۔

(۲)......جب گھر سے نکلے تو وہ دعا پڑھ لے جو صحیح احادیث میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔

اللّٰھم انی اعوذبک ان اضل او اضل او ازل او ازل اظلم او اظلم و اواجھل او یجھل علق، عز جارک و جل ثناءک و لا الہ غیرک

پھر یہ پڑھے:......بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ حَسْبِیَ اللّٰہُ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ، اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ جِنَانِیْ وَاَدَاءِ الْحَقِّ عَلٰی لِسَانِیْ۔

مجلسِ درس میں پہنچنے تک مسلسل اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا رہے۔جب وہاں پہنچے تو حاضرین کو سلام کرے اور اگر مکروہ وقت نہ ہو تو دو رکعت نماز پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے خوب توفیق اور مدد مانگے۔مجلس میں اگر ممکن ہو سکے تو قبلہ رخ

بیٹھے۔ وقار اور تواضع اپنائے رکھے پھر خواہ چار زانو بیٹھے یا کسی بھی ایسے طریقے سے بیٹھے جو ناپسندیدہ نہ ہو۔ بغیر کسی عذر کے اپنے پاؤں نہ پھیلائے اور نہ ہی اپنے دائیں بائیں یا پیچھے ٹیک لگائے۔ اپنے جسم کو بلاوجہ حرکات سے بچائے۔ اپنے ہاتھوں کو بے کار مصروفیت اور آپس میں انگلیاں پھنسا لینے سے بچائے، بغیر ضرورت کے بار بار ادھر اُدھر نہ دیکھے۔ زیادہ مذاق اور ہنسنے سے پرہیز کرے۔ سخت بھوک یا پیاس غم اور غصہ، نیند یا کسی بھی تکلیف دہ حالت میں سبق نہ پڑھائے۔ کیونکہ ممکن ہے کہ وہ ایسی حالت میں غلط جواب یا غلط فتویٰ دے بیٹھے۔

(۳)......مجلس درس میں ایسے بیٹھے کہ سب کو نظر آئے۔ جو لوگ علم، عمر یا اعزاز کے اعتبار سے بڑے ہوں ان کی تعظیم کرے اور باقی لوگوں کے ساتھ بھی احترام سے پیش آئے۔ سب لوگوں کی طرف اعتدال سے متوجہ رہے البتہ جب کسی کو کوئی خاص بات کہنی ہو یا اس سے سوال جواب کرنا ہو تو پھر اسی کی طرف متوجہ رہے اور متکبرین کے طور طریقوں سے بچے۔

(۴)......سبق شروع کرنے سے پہلے تبرک کے طور پر کچھ قرآن مجید پڑھ لے اور اس کے بعد اپنے لیے حاضرین کے لیے اور تمام مسلمانوں کیلئے دعا کرے۔ البتہ اگر مدرسہ میں کوئی اور ضابطہ ہو تو پھر اس کی پابندی کرے۔ پھر ”اعوذ باللہ“ اور ”بسم اللہ“ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کی حمد اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام سے بات شروع کرے۔

(۵)......جب کئی سبق پڑھانے ہوں تو ان میں ترتیب کا لحاظ رکھے۔ پہلے تفسیر قرآن پھر حدیث پھر اصول دین پھر اصول فقہ، پھر فقہی مذاہب اور پھر اختلافی مسائل پڑھائے۔ بعض علماء کرام اپنے سبق کو ایسی نصیحتوں پر ختم فرماتے تھے جو حاضرین کو فائدہ دیں۔ اس بارے میں بھی اگر مدرسے کا ضابطہ مختلف ہو تو اس کی پیروی کرے۔ سبق میں جو بات مسلسل ہو اس کو ایک ساتھ ہی بیان کرے۔ اور جہاں وقف کرنا مناسب ہو وہاں ہی بات کو منقطع کرے۔

اپنے سبق میں دین کے بارے میں کوئی شبہ اس طرح نہ ذکر کرے کہ اس کے جواب کو مؤخر کر دے۔ خاص طور پر جب سبق میں عوام اور خواص سب قسم کے لوگ ہوں۔ کیونکہ اس سے بڑی خرابی پیش آسکتی ہے۔ سبق میں نہ تو زیادہ طوالت سے کام لے جس سے حاضرین اکتا جائیں اور نہ ہی اتنا اختصار کرے کہ بات سمجھنا مشکل ہو جائے، جس مقام پر جیسے ضرورت اور مصلحت ہو اتنی ہی گفتگو کرے۔

(۶)......استاد کو چاہیے کہ وہ اپنی آواز کو نہ تو ضرورت سے زائد بلند کرے اور نہ ہی اتنا آہستہ آواز سے بولے کہ جس سے سامعین صحیح فائدہ نہ اٹھا سکیں۔ بہتر یہ ہے کہ استاد کی آواز مجلس درس سے باہر بھی نہ جائے اور حاضرین کو سننے میں مشکل بھی پیش نہ آئے۔ استاد کو چاہیے کہ پوری بات شروع سے آخر تک ایک ساتھ ہی نہ کہہ ڈالے بلکہ ٹھہر ٹھہر کر

ترتیب سے باتوں کے درمیان واقفہ کر کے کہے تاکہ وہ خود بھی اور سامعین بھی اس بات پر غور کر سکیں۔
جب کہ مسئلہ کو بیان کرنے سے فارغ ہو تو معمولی سی خاموشی اختیار کرے تاکہ اگر کسی نے کوئی بات پوچھنی ہو تو پوچھے۔
(۷)......استاد کو چاہیے کہ مجلس درس کو لغو باتوں سے بچائے رکھے۔اسی طرح مجلس میں شور شرابے اور مختلف ابحاث ایک ساتھ شروع کر دینے سے بچے۔ایسے مواقع پیش آنے سے پہلے ہی نرمی سے ان کو روک دے۔حاضرین کو اس بات کی نصیحت کرتا رہے کہ حق بات ظاہر ہو جانے کے بعد خواہ مخواہ بحث کرنا انتہائی ناپسندیدہ ہے۔
(۸)......استاد کو چاہیے کہ جو شخص بحث میں حدود سے تجاوز کرے یا جھگڑے پر آمادہ ہو یا بے ادبی سے پیش آئے یا بغیر فائدے کے بلند آواز سے بولے یا اپنے سے بڑوں کی بے ادبی کرے، یا حاضرین میں سے کسی کا مذاق اڑائے اور مجلس کے ماحول کو خراب کرے تو اسے سلیقے سے ڈانٹ ڈپٹ کرے، البتہ اس بات کا خیال رکھے کہ اس تنبیہ سے کوئی ایسی خرابی نہ پیش آجائے جو پہلے سے زیادہ بڑی ہو۔یہ بھی مناسب ہے کہ درسگاہ میں ایک سمجھدار نگران ہو جو حاضرین کو ترتیب سے بٹھائے۔سونے والے کو جگائے اور سب کی توجہ درس کی طرف کرواتا رہے۔
(۹)......استاد کو اپنی بحث اور سبق میں انصاف کا دامن پکڑے رکھنا چاہیے اور اگر کوئی چھوٹا بھی سوال کرے تو اس کو جواب دینے سے احتراز نہ کرے۔اگر سائل اپنی بات پوری طرح نہ کہہ سکتا ہو تو پہلے حاضرین کو اس کا سوال سمجھا دے اور پھر خود یا کسی دوسرے سے اس کا مناسب جواب بیان کروا دے۔
جب استاد سے کوئی ایسی بات پوچھی جائے جو اسے معلوم نہ ہو تو صاف کہہ دے کہ مجھے معلوم نہیں کیونکہ ''لا اعلم'' اور ''لا ادری'' کہنا بھی علم کا حصہ ہے اور اس سے استاد کی عزت میں اضافہ ہی ہوتا ہے۔اس سے استاد کی شان میں کوئی کمی نہیں آتی جیسا کہ بعض جاہل لوگ سمجھتے ہیں۔
(۱۰)......مجلس درس میں کوئی اجنبی طالبعلم آجائے تو خندہ پیشانی سے اس کا استقبال کرے اور اس کو اس طرح نہ گھورے کہ وہ اپنی اجنبیت کی وجہ سے استفادہ سے محروم ہو جائے۔کہیں اگر ضرورت محسوس کرے تو پورے مسئلے کو دوبارہ بھی بیان کر سکتا ہے۔یا اس کا خلاصہ بیان کر دے۔
مجلس درس کا وقت مقرر کرنے میں طلباء کرام کی رعایت کرے اور ان کو ایسے وقت جمع ہونے پر مجبور نہ کرے کہ جس سے ان کیلئے سخت مشکل پیش آئے یا وہ درس میں یکسوئی سے محروم ہو جائیں۔
(۱۱)......سبق کے اختتام پر کوئی ایسا جملہ کہہ دے جس سے حاضرین کو سبق ختم ہونے کا واضح طور پر پتہ چل جائے اور پھر اللہ تعالیٰ کے ذکر کی نیت سے ''وَاللّٰہُ اَعْلَمُ'' بھی کہہ دے۔استاذ کو چاہیے کہ وہ حاضرین کے اٹھنے کے بعد رخصت ہو، تاکہ اگر کسی نے کوئی سوال علیحدگی میں پوچھنا ہو تو وہ بھی پوچھ سکے۔جب مجلس کے اختتام پر اٹھے تو یہ

مسنون دعا پڑھ لینا بھی مستحب ہے:

"سُبۡحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمۡدِکَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنۡتَ اَسۡتَغۡفِرُکَ وَ اَتُوۡبُ اِلَیۡکَ۔

(۱۲)......کبھی بھی وہ سبق نہ پڑھائیں جس کا وہ اہل نہ ہو اور اس کے بارے میں نہ جانتا ہو، چونکہ اس میں دین کی سخت تحقیر ہے۔

(۳)... تیسرے قسم کے آداب وہ ہیں جن کا استاد کو اپنے طلباء کرام کے بارے میں خیال رکھنا چاہیے۔

یہ کل چودہ / ۱۴ آداب ہیں:

(۱)......طلباء کی تعلیم سے استاد کی نیت صرف اللہ تعالیٰ کی رضا، علم کی نشر و اشاعت، احیاء دین، اظہار حق اور ابطالِ باطل کی ہونی چاہیے اور یہ ارادہ ہو کہ علماء کرام کی کثرت سے امت میں خیر رہے گی اور ان کے ثواب میں اور دعاؤں میں میرا بھی حصہ ہوگا۔ اسی طرح علم کا وہ مبارک سلسلہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شروع ہوا ہے اس میں، میں بھی شامل ہو جاؤں گا۔

(۲)......استاذ کو چاہیے کہ وہ طلباء کرام کو آہستہ آہستہ حسن نیت پر ابھارتا رہے، لیکن کسی طالبعلم کو صرف اس وجہ سے علم سے محروم نہ کرے کہ اس کی نیت درست نہیں ہے۔ کیونکہ علم کی برکت سے امید ہے کہ اس کی نیت بھی اچھی ہو جائے گی۔

(۳)......اپنے طلباء کرام کو علم اور علماء کے فضائل اور ان کو ملنے والے انعامات یاد دلاتا رہے اور وارثِ پیغمبر ہونے کا عظیم منصب بھی انہیں بتاتا رہے تاکہ انہیں تحصیل علم میں ذوق و شوق حاصل ہو اور اس راستے میں آنے والی تکالیف کا وہ سامنا کر سکیں۔

(۴)......استاد کو چاہیے کہ وہ اپنے طالبعلم کیلئے وہی بات پسند کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے اور جس بات کو اپنے لیے ناپسند کرتا ہے اس کو طالبعلم کیلئے بھی ناپسند کرے۔

اپنے طلباء کرام کے مصالح کا خیال رکھے اور اپنی اولاد کی طرح ان سے شفقت کا برتاؤ کرے۔ اور ان کی غلطیوں سے صبر کا معاملہ کرے۔ جو طالبعلم ذہین ہوں ان کی تربیت کیلئے اشارہ اور کنائے سے کام لے لیکن جو طالبعلم اس سے نہ سمجھے تو اس کو وضاحت سے تربیتی امور سمجھائے۔

(۵)......اپنے شاگرد کے سامنے علمی بات کو ایسا پیش کرے کہ وہ آسانی سے اسے سمجھ سکے اور سیکھ سکے۔ طالبعلم جس علم کا اہل ہو تو اس کے سکھانے میں بخل سے کام نہ لے ورنہ اس کا دل ٹوٹ جائے گا اور وہ استفادہ سے محروم ہو جائے گا۔ جو طالبعلم کسی علم کا اہل نہ ہو تو وہ اسے ہرگز نہ سکھائے۔ بلکہ اسے ایسے امور کی طرف متوجہ کرے جس کے ذریعے

وہ رفتہ رفتہ اس علم کے حصول کا اہل بن جائے۔

(۶)......طلباء کو تعلیم دینے میں خوب محنت سے کام لے لیکن اتنی بار اپنی بات کو نہ دھرائے کہ وہ بوجھ بن جائے۔ پہلے مسئلہ کی صورت اور عملی شکل کو بیان کرے پھر مثالوں سے اس کو واضح کرے۔ جو طالبعلم دلائل سمجھنے کا اہل ہو اس کے سامنے مسائل کا مأخذ اور دلائل بھی بیان کرے۔ ورنہ صرف مسئلہ کو بیان کرنے پر اکتفاء کرے۔ اختلافی مسائل کو بیان کرتے وقت علماء میں سے کسی کی تنقیص کرنے سے بچے۔ سبق میں جہاں تصریح کی ضرورت ہو وہاں بات کو خوب واضح کرے اور جہاں اشارہ و کنایہ مفید و مناسب ہو تو اسے استعمال کرے۔

(۷)......جب استاد درس مکمل کر چکے تو اس میں کوئی حرج نہیں کہ طلبہ کے امتحان کی غرض سے ان سے مختلف سوالات پوچھے۔ استاد کو جب تک یہ یقین نہ ہو کہ طالبعلم بات سمجھ گیا ہے تب تک اس سے یہ نہ پوچھے کہ ''تم سمجھ گئے ہو''؟ کیونکہ ممکن ہے کہ وہ شرم کی وجہ سے ''ہاں'' میں جواب دے دے۔ حالانکہ وہ بات صحیح طرح سمجھا نہ ہو۔

استاد کو چاہیے کہ وہ اپنے طلبہ کو سبق میں پابندی سے شرکت کا حکم دے اور سبق کے بعد ان کو باہمی طور پر سبق کے تکرار کا بھی حکم دے تاکہ مسائل ان کے ذہن نشین ہو جائیں اور وہ خود بھی ان پر غور و فکر کر سکیں۔

(۸)......استاد کو چاہیے کہ وہ وقتاً فوقتاً اپنے طلبہ سے گزشتہ اسباق بھی سنتا رہے اور ان کے حافظے کا امتحان لیتا رہے۔ جو طالبعلم امتحان میں صحیح جواب دے اور اس سے خود پسندی میں مبتلا ہونے کا اندیشہ نہ ہو تو اس کی خوب حوصلہ افزائی کرے تاکہ وہ مزید محنت کر سکے۔ ایسا طالبعلم کہ امتحان سے اس کی کوتاہی ثابت ہو جائے تو اس پر صرف اتنی سختی کرے جس سے اس کو تحصیل علم میں نشاط حاصل ہو جائے اور وہ راہ راست پر آ جائے۔

(۹)......اگر استاذ طالبعلم کو دیکھے کہ وہ اپنی ہمت سے بہت زیادہ بڑھ کر کام کر رہا ہے تو اس کو ضرور سمجھائے کہ اس سے بجائے فائدہ کے الٹا نقصان ہو سکتا ہے۔ اسی طرح اگر استاذ، طالبعلم میں اکتاہٹ، سستی یا بلاوجہ تھکاوٹ دیکھے تو بھی اس کو نصیحت کرے۔ طالبعلم کو کبھی ایسی کتاب یا ایسا سبق پڑھنے کا مشورہ نہ دے جو اس کی سمجھ سے بالاتر ہو۔ اس لیے مبتدی طلبہ کو ہر فن کی آسان ترین کتاب پڑھائے۔ البتہ جب اس میں قابلیت پیدا ہو جائے تو پھر اس کے مناسبِ حال کتاب تجویز کرے۔

(۱۰)...... ہر فن کے ایسے اصول جو ہمیشہ کام آتے ہیں، ان کو طلبہ کو سامنے ضرور بیان کرے۔ اسی طرح صحابہ کرامؓ میں اہم شخصیات اور دیگر اہل علم میں سے معروف حضرات کے نام اور حالات طلبہ کو سکھائے۔ استاد کو چاہیے کہ اگر کسی طالبعلم کو آگے بڑھتے ہوئے دیکھے یا اس کے فضائل میں ترقی دیکھے تو اس کا راستہ نہ روکے کیونکہ شاگردوں کے فضائل کا دنیاوی اور اخروی فائدہ استاد ہی کو ملتا ہے۔

(۱۱)......استاذ کو چاہیے کہ جو طالبعلم صفات میں برابر ہوں ان میں سے کسی کو دوسرے پر ترجیح نہ دے ورنہ دیگر طلبہ اس سے وحشت کھانے لگیں گے۔ البتہ اگر کسی سے کوئی امتیازی برتاؤ کرنا ہو تو اس کی وجوہات سب کے سامنے بیان کر دے تا کہ سب کے دل آپس میں اور استاد کے ساتھ بھی جڑے رہیں۔

(۱۲)......طلبہ کے حالات کی نگرانی کرنا استاذ کی ذمہ داری ہے۔ جو طالبعلم کسی بد عملی یا بے ادبی کا شکار ہو تو ابتداء میں استاد کو چاہیے کہ وہ اسے متعین کیے بغیر سب کے سامنے نصیحت کرے۔ اگر وہ اس سے باز نہ آئے تو اسے تنہائی میں بلا کر سمجھائے، پھر بھی اگر وہ باز نہ آئے تو اعلانیہ اس پر نکیر کرے اور اس کو سخت الفاظ میں سمجھائے، تا کہ وہ اپنی بری عادات سے باز آ جائے، اگر وہ پھر بھی باز نہیں آتا تو اس میں کوئی حرج نہیں کہ استاد اسے حلقۂ درس سے نکال دے۔ خاص طور پر اس صورت میں کہ جب یہ ڈر ہو کہ دوسرے طلبہ بھی برائیوں میں مبتلا ہو جائیں گے۔ استاذ کو چاہیے کہ وہ طلبہ کو آپس میں بھی حسنِ سلوک کے ساتھ رہنے کے طریقے سمجھائے اور ان کی کڑی نگرانی کرے۔

(۱۳)......استاذ کو چاہیے کہ وہ طلبہ کی مصلحتوں کو پورا کرنے میں اپنی جاہ و مال میں سے جو کچھ کر سکتا ہے اس میں کمی نہ کرے۔ جب عام مسلمان کی مدد کرنے کے بے شمار فضائل ہیں تو علم حاصل کرنے میں تعاون کی نیت سے کسی کی مدد کرنا تو بہترین عبادت ہے۔ جب کوئی طالبعلم مجلس درس سے غائب ہو تو اس کے بارے میں ضرور پوچھے، اگر وہ بیمار ہو تو اس کی عیادت کرے، اگر اسے کوئی اور ضرورت درپیش ہو تو جہاں تک ہو سکے اس کی مدد کرے۔

استاذ کو چاہیے کہ اپنے طلبہ کیلئے خوب دعائیں بھی مانگے تا کہ وہ اس کیلئے ذخیرۂ آخرت ثابت ہوں۔

(۱۴)......استاد کو چاہیے کہ وہ طالبعلم بلکہ دینی راہنمائی حاصل کرنے والے ہر شخص کے ساتھ انتہائی مہربانی اور تواضع کا معاملہ کرے، بشرطیکہ وہ اللہ تعالیٰ کے حقوق اور استاد کے حقوق کو ادا کرنے والا ہو۔

استاذ کو چاہیے کہ حاضرین کو صرف ایسے نام اور کنیت سے پکارے جو انہیں اچھے لگتے ہوں، جب طلبہ آئیں تو ان کا استقبال کرے اور ان کے آنے پر اپنی خوشی کا اظہار کرے۔ یہی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وصیت ہے۔

☆......☆......☆

مقالات ومضامین

درسیات میں عصریت کا ذائقہ

عبدالوہاب سلطان دِیروی

استاذ جامعہ دارالعلوم کراچی

کسی بھی فن پر قدامت کی کلاسیکی مہک میں رچی بسی کتابوں کا اپنا لطف ہوتا ہے، اس کا انکار بد ذوقی کی انتہا ہوگی، مگر کسی فن کے قدیم مآخذ کے ساتھ ایسا ہمہ وقتی لگاؤ جو ''عصریت'' کی دمک سے بے بہرہ ہو، اور محض اس کے تاریخی دور افتادہ قسم کے مباحث پر منحصر ہو، یا عصر حاضر کے ''زندہ'' مسائل کے لیے متعلق/Relevant نہ ہو، شاید مہذب لفظوں میں ایک قابل تحسین ''علمی عیاشی'' کا سامان تو بہم پہنچائے، اس سے زیادہ اس کو کوئی وزن دینا مشکل معلوم ہوتا ہے، (درس وتدریس کے حلقے اس کلیہ سے ضرور مستثنیٰ ہو سکتے ہیں، جہاں فن کے قدیم مآخذ کو تعلیمی اور تربیتی تدریج کے تقاضوں کے تحت مرحلہ وار اور بار بار پڑھا اور پڑھایا جاتا ہے)۔ مثال کے طور پر علم کلام کے قدیم کلامی مباحث کو درسا پڑھنا شریعت کے فہم کے لئے ناگزیر ہے، لیکن اگر انہی مفروغ عنہ قدیم مباحث کو زندگی بھر کا مشغلہ بنایا جائے، لیکن اس کے ذریعے عصر حاضر کے الحادی افکار یا شبہات کے سنجیدہ علمی رد کا کام نہ لیا جائے تو یہ مشغلہ اپنی علمی حیثیت میں قابلِ تحسین ہونے کے باوجود شاید ایک قسم کی مستحسن علمی عیاشی کے مترادف قرار پائے۔ ہمارے دیارِ شمال کے بعض علاقوں میں سالہا سال بعض طلبہ نحو وصرف، منطق وفلسفہ کی قدیم کتب کے متون وحواشی کے سمندر میں ''غرقاب'' رہتے ہیں، تشحیذِ اذہان اور علمی رسوخ کے لئے ان کتب کی افادیت کی ایک دنیا معترف ہے، لیکن جب انہی فنون کے وابستگان کا ان فنون کی عملی تطبیقات یا عصری تقاضوں کے ریگستان سے واسطہ پڑتا ہے تو بعض اوقات اس شعر کا مصداق بن جاتے ہیں:

کالعیر فی البیداء یقتله الظما　　والماء فوق ظهرها محمول

(ریگستان میں اس اونٹ کی طرح، جو پیاس سے مر رہا ہو، حالانکہ اس کی پیٹھ پر پانی لدا ہوا ہو)

درسیات کے مطالعہ میں کلاسیکی رچاؤ تو فطری طور پر ہوتا ہی ہے، اس کے ساتھ عصریت کا بھی ذائقہ شامل کیا جائے تو درسی مطالعہ کی معنویت بڑھ جاتی ہے۔ اس مقصد کے لیے درس نظامی کے مختلف فنون کے ساتھ اس کی متعلقہ جدید اسالیب کی کتابیں بھی کم از کم مطالعہ کی حد تک پیش نظر رہنی چاہئیں۔ یہ کتب سینئر اساتذہ کرام بہتر تجویز کر سکتے ہیں، یہاں طالبعلمانہ دانست میں بطورِ مثال چند کتابیں ذکر کی جاتی ہیں: علم صرف کے لئے ثانیہ میں الصرف الکافی کے

اضافی مباحث۔ ہدایۃ النحو کے ساتھ انطا کی کی ''الاعراب''، غلائینی کی جامع الدروس کے صرف متعلقہ مباحث کا مطالعہ، کافیہ کے ساتھ ابن ہشام کی شرح قطر الندی یا شرح ابن عقیل، شرح جامی کے ساتھ النحو الوافی کے متعلقہ مظان کا مطالعہ، خصوصا اس کی عصری مثالوں اور تطبیقات سے استفادہ۔ منطق کے لئے ثانیہ میں تفہیم المنطق، شرح تہذیب کے ساتھ میدانی کی ''ضوابط المعرفۃ''، نیز المغالطات المنطقیہ اور اردو میں ''اساس المنطق'' وغیرہ اصول فقہ میں اصول الشاشی کے ساتھ عبدالکریم زیدان کی اصول الفقہ، نور الانوار کے ساتھ زحیلی کی اصول الفقہ الاسلامی (دو جلدوں والی)، توضیح کے ساتھ محلاوی کی تسہیل الاصول الی علم الاصول اور بقدر ضرورت ''المہذب فی اصول الفقہ المقارن'' کا چیدہ چیدہ مطالعہ برائے ذائقہ۔ شرح عقائد کے ساتھ، شیخ حسن شافعی کی ''المدخل الی علم الکلام'' جیسی کتابیں۔ اصول حدیث میں شرح النخبہ کے ساتھ ابتداء میں شیخ عبدالمالک کی ''المدخل الی علوم الحدیث''، سباعی کی ''السنۃ ومکانتہا''، یا شیخ نور الدین عتر کی ''منہج النقد فی علوم الحدیث'' (اس موضوع پر تخصص کا ارادہ رکھنے والے آگے جا کر متعلقہ اہل فن سے مزید رہنمائی لے سکتے ہیں)۔ سابعہ کی تعطیلات کلاس کے دوران اعلاء السنن یا فتح الملہم کا مقدمہ۔ (یہ دونوں مقدمے مستقلا بھی طبع ہو چکے ہیں) دونوں سے قبل اردو میں درس ترمذی کے مقدمے کا مطالعہ ۔۔ حدیثی مباحث کے لئے ''تکملہ فتح الملہم'' کے طرز پر فکری اور فقہی امتزاج کا حامل مطالعہ۔ فقہ میں قدوری و کنز میں نفس کتاب کے مسائل کی صورت مسئلہ اور علت کا فہم سب سے مقدم ہوتا ہے، ہدایہ کے ساتھ ابتدائی جلدوں میں زحیلی کی ''الفقہ الاسلامی وادلتہ'' (دلائل کی ترجیحات میں البتہ اپنے اہل افتاء اساتذہ کرام سے رہنمائی ضروری ہے)، نکاح ہدایہ کے ساتھ شیخ ابوزہرہ کی فقہ الاحوال الشخصیہ وغیرہ، باقی جلدوں کے لئے حضرت شیخ الاسلام صاحب کی ''فقہ البیوع'' کے متعلقہ حصے۔ علوم القرآن پر آپ کے ''علوم القرآن'' میں مستشرقین کے اعتراضات اور ان کے علمی جوابات کا مطالعہ۔ علم بلاغت میں دروس البلاغہ کے ساتھ البلاغۃ الواضحہ، اور مختصر المعانی کے ساتھ احمد ہاشمی کی جواہر البلاغہ، (خصوصا اس کے تمارین اور تطبیقی مثالیں)، اور اگر مقامات حریری کے کسی منتخب مقامہ یا قرآن کریم کی کسی سورت کے مخصوص رکوع میں کسی خاص بلاغی صنعت کا اجراء کرایا جائے یا اس پر تین چار مہینے میں ایک مقالہ تحریر کرایا جائے تو نور علی نور۔ البتہ دو باتیں بعض آزمودہ کاروں سے سیکھی اور برتی ہیں: کسی کتاب کے استیعاب کا غم نہیں پالنا چاہئے، درسی مقصد کے لئے بقدر ضرورت متعلقہ زیر درس مقام کو متعلقہ مظان کے ساتھ ملا کر پڑھ لینا کافی ہوگا۔ نیز معاصر مؤلفین کی ذاتی ترجیحات کو من وعن قبول کرنے کے بجائے اپنے اہل فن/ اہل افتاء اساتذہ کرام کی رہنمائی میں ہی انہیں سمجھ لینا بہتر ہوگا ۔ یہ کوئی ماہرانہ رائے نہیں، طالب علمانہ افتاد میں مذاکرہ کے طور پر کچھ نام ذکر کئے گئے ہیں۔ سینئر اور بزرگ اساتذہ کرام بلاشبہ اس سے بہتر اور جامع رہنمائی فرما سکتے ہیں۔

مقالات ومضامین

اصلاحِ معاملات کی ضرورت واہمیت

مفتی محمد طارق محمود
مدرس ومعین مفتی جامعہ عبداللہ بن عمر، لاہور

ہمارے دینِ اسلام کے پانچ بنیادی شعبے ہیں: ایمانیات، عبادات، معاملات، اخلاقیات اور معاشرات۔ پہلے دو شعبوں کی طرف عام طور پر کچھ توجہ ہوتی ہے، لیکن آخری تینوں شعبوں کا عوام تو کجا، خواص کو بھی کما حقہ اہتمام نہیں الا ماشاء اللہ۔ چنانچہ دین کے اس بنیادی شعبے کی اہمیت اجاگر کرنے کے لیے زیرِ نظر مضمون میں اس کا بنیادی خاکہ پیش کیا گیا ہے۔ اس کے ذیلی موضوعات کچھ یوں ہیں:

۱: معاملات سے کیا مراد ہے؟ ۲: معاملات کی درستگی کے بارے میں کچھ آیات واحادیث ۳: خلاف شرع معاملات کے دنیاوی اور اخروی نقصانات ۴: اسلام کے مالیاتی قانون کے بنیادی اصول ۵: معاملات کی اصلاح کا طریقہ اور تدابیر ۶: افضل ترین پیشہ کونسا ہے؟ ۷: اصلاحِ معاملات اور اشاعتِ اسلام

۱- معاملات سے کیا مرادہ ہے؟

کوئی انسان اپنی ساری مالی ضروریات اکیلے پوری نہیں کرسکتا۔ معاشرے میں رہتے ہوئے افراد کو اپنی ضرورت اور فائدے کے تحت دوسروں سے لین دین کرنا ہی پڑتا ہے۔ اس لین دین کے بغیر عالم کی بقا نہیں۔ اسلامی ماہرین قانون فرماتے ہیں: **ولشرعية المعاملات البقاء المقدر أی للعالم**۔ یعنی معاملات کے احکام کا سبب اللہ تعالیٰ کا عالم کو باقی رکھنے کا ارادہ ہے، کہ افراد باہمی لین دین کر کے اپنی حاجات پوری کریں اور نظام عالم قائم رہے۔ (توضیح تلویح: ۲/ ۲۸۵، ۲۸۸) حقوق العباد کی چار بنیادی قسمیں ہیں۔ دوسرے کی جان، مال، عزت اور دین کی حفاظت کرنا۔ مالی لین دین میں کسی پر ذرہ بھر ظلم نہ ہو اور عین عدل کے ساتھ معاملات ہوں۔ معاملات سے متعلق اسلامی قانون کا مقصد اسی ظلم کا خاتمہ ہے۔

معاملات ومعاشرات کے سارے احکام کا خلاصہ یہ ہے کہ کسی سے کسی کو ایذاء وضرر نہ ہو، خواہ جانی ہو یا مالی۔ اس کا لحاظ شریعت میں کمال درجہ پر کیا گیا ہے۔ (خطبات حکیم الامت: ۱۲/ ۱۷۳) عبادات سے مراد

وہ کام ہیں جن کا مقصود اصلی اللہ تعالی کا قرب اور آخرت کا ثواب ہے۔مثلا نماز، روزہ، زکاۃ، حج، عمرہ وغیرہ۔ اور معاملات سے مراد وہ کام ہیں جن کا مقصود اصلی بندوں کا دنیاوی فائدہ ہے۔مثلا خرید وفروخت، کرایہ داری، ملازمت، گروی، قرض، ہبہ وغیرہ۔(مأخذہ: شامی: ۴/ ۵۰۰) معاملات کے لیے مغربی قانون میں سول لا/ دیوانی قانون کی اصطلاح ہے،تاہم اسلام میں معاملات کا دائرہ مغرب کے سول لا سے بہت وسیع ہے۔(علم اصول فقہ ایک تعارف:ص ۱۴، ۱۵)

۲- معاملات کی درستگی کے بارے میں کچھ آیات واحادیث:

قرآن وحدیث میں بالکل واضح ارشادات ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ ہماری زندگی کا یہ شعبہ بھی دین کے دائرے میں داخل ہے۔ہم مال کمانے اور خرچ کرنے میں آزادنہیں بلکہ شریعت کے حکم کے پابند ہیں۔اللہ تعالی کا ارشاد ہے: **یاایھاالذین آمنوا لاتاکلوا اموالکم بینکم بالباطل الا ان تکون تجارۃ عن تراض منکم۔** (نساء :۲۹) اے ایمان والو! آپس میں ایک دوسرے کے مال ناحق (یعنی ناجائز) طور پر مت کھاؤ (برتو) لیکن (جائز طور پر مثلا) کوئی تجارت ہو جو باہمی رضامندی سے واقع ہو (بشرطیکہ اسمیں اور بھی سب شرائط شرعیہ ہوں) تو مضائقہ نہیں۔(بیان القرآن :۱/ ۱۶۴ بتسہیل، نہی از تصرف غیر مشروع در نفس یا مال کسے) یہاں ناحق مال کھانے سے روکا گیا ہے ،اس میں خلاف شرع مالی معاملات کی سب صورتیں شامل ہیں۔(دیکھیے: تفسیر ابن کثیر :۲/ ۲۳۴، ۲۳۵،تفسیر مظہری :۲/ ۸۷،روح المعانی :۳/ ۱۶) یعنی یہاں اکل بالباطل اور تجارت دونوں میں خاص بول کر عام مراد ہے بطور مجاز مرسل ۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: **لاتزول قدما عبد یوم القیامۃ حتی یسأل عن عمرہ فیما أفناہ و عن علمہ فیم فعل و عن مالہ من أین اکتسبہ و فیم أنفقہ و عن جسمہ فیم أبلاہ۔** (سنن ترمذی: ۲۴۱۷، حسن صحیح) آدمی کے قدم قیامت کے دن ہٹ نہیں سکیں گے جب تک اس سے عمر کے بارے میں نہ پوچھا جائے کس کام میں ختم کی،اور اس کے علم کے بارے میں کیا عمل کیا،اور اس کے مال کے بارے میں کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا اور اس کے جسم کے بارے میں کہاں کھپایا؟ اس سے معلوم ہوا کہ آخرت کے امتحان میں پانچ میں سے دو سوالات مالی معاملات سے متعلق ہیں!.

اللہ تعالی کا ارشاد ہے: **ویل للمطففین** (مطففین :۱) بڑی خرابی ہے ناپ تول میں کمی کرنے والوں کی کہ جب لوگوں سے (اپنا حق) ناپ کر لیں تو پورا لیں اور جب ان کو ناپ کر یا تول کر دیں تو گھٹا کر دیں۔(بیان القرآن :۳/ ۷ ۲۱۴) یہ آیت خرید وفروخت سے متعلق ہے،لیکن علت کے مشترک ہونے کی وجہ سے سب معاملات کا حکم یہی ہے کہ دوسرے کے حق میں کمی کرنا باعث ہلاکت ہے۔(ملفوظات حکیم الامت : ۲۹/ ۱۲۱ بتسہیل) مثلا

اگر ملازم طے شدہ وقت یا کام پورا نہیں کرتا تو اس وعید میں داخل ہے اور اگر کام لینے والا اس کی اجرت پوری نہیں دیتا تو وہ بھی اس وعید میں داخل ہے۔ اللہ تعالی کا ارشاد ہے: **یاایھاالرسل کلوا من الطیبت واعملوا صالحا**۔ (مومنون: ۵۱) اے رسولو! کھاؤ ستھری چیزیں اور کام کرو بھلا۔ (یعنی سب رسولوں کے دین میں یہی ایک حکم ہے کہ حلال کھانا حلال راہ سے کما کر اور نیک کام کرنا)۔ (موضح قرآن: ص ۴۴۷) اس سے واضح ہوا کہ حلال کمائی کو نیک اعمال میں بڑا دخل ہے۔

۳- خلاف شرع معاملات کے دنیاوی اور اخروی نقصانات:

اسلامی تعلیمات کی خلاف ورزی سے معاملے میں جو خرابی آتی ہے اس کے تین درجے ہیں: ا: معاملے کی حقیقت میں بگاڑ آئے۔ اس صورت میں معاملہ باطل ہوتا ہے، جیسے مردار بیچنا۔ ۲: معاملے کی صفت میں بگاڑ آئے۔ اس صورت میں معاملہ فاسد ہوتا ہے۔ جیسے غلط شرط لگا کر بیچنا مثلا یوں کہنا کہ میں نے تمھیں یہ چیز بیچی اس شرط پر کہ تم مجھے اتنا قرض بھی دو۔ ۳: خرابی معاملے کی حقیقت اور صفت سے خارج ہو۔ اس صورت میں معاملہ مکروہ ہوتا ہے۔ جیسے جمعہ کی اذان کے وقت بیچنا۔ (مأخذہ: شامی: ۶/ ۴۰۲، ۴۷۶)۔ پھر اس بگاڑ کی شدت اور خفت کے لحاظ سے آخرت میں سزا کا مستحق ہوتا ہے۔ (دیکھیے: فتاوی دار العلوم دیوبند: ۱۵/ ۲۰۲، امداد الفتاوی: ۳/ ۳۳۵، ۳۳۶) اور دنیاوی احکام کے لحاظ سے ایسے خرابی والے معاملے کو ختم کر کے لین دین واپس کرنا اور توبہ کرنا دونوں ضروری ہوتے ہیں۔ (مأخذہ: شامی: ۵/ ۱۰۱، ۱۰۵) یہ ایک عام ضابطہ ہوا معاملات کے بارے میں۔ آگے نقصانات کی جزئی تفصیل ہے۔

ا: معاملات کے احکام پر عمل نہ کرنے سے بسا اوقات آدمی کی کمائی حلال نہیں رہتی۔ حالانکہ حلال کمانا ایک فریضہ ہے، اور فریضے کو چھوڑنا گناہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: **کسب الحلال فریضة بعد الفریضة**۔ حلال مال طلب کرنا فرض ہے دوسرے فرض کے بعد۔ (المقاصد الحسنة للسخاوی: ۱/ ۵۰۵، له شواہد۔۔۔ بعضہا یوکدہ بعضا لاسیما وشواہد ہا کثیرة) مطلب یہ کہ جو فرض اسلام کے رکن ہیں جیسے نماز، روزہ وغیرہ، ان کے بعد حلال مال طلب کرنا بھی فرض ہے۔ اور یہ فرض اس شخص کے ذمے ہے جس کے پاس ضروری خرچ کے لیے مال موجود نہ ہو (بہشتی زیور مدلل: ص ۳۹۵ بتلخیص) امام بیہقی نے اپنی کتاب شعب الایمان میں ایمان کا ۴۸واں شعبہ طلب حلال ذکر فرمایا ہے۔ ۲: حرام آمدنی والے کی دعا قبول نہیں ہوتی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایسے آدمی کا ذکر کیا جو لمبا سفر کرتا ہے، اس کے بال بکھرے ہیں، جسم غبار آلود ہے۔ وہ آسمان کی طرف دونوں ہاتھ پھیلاتا ہے اور کہتا ہے اے میرے رب اے میرے رب حالانکہ اس کا کھانا حرام ہے اور اس کا پینا حرام ہے اور اس کا

لباس حرام ہے اور اسے حرام غذا ملی ہے تو اس کی دعا کیسے قبول ہو؟ (صحیح مسلم: ۱۰۱۵، مختصر) ۳: حرام مال سے کیا ہوا صدقہ قبول نہیں ہوتا۔ (مصدر سابق)۔ بلکہ حرام مال سے صدقہ کرنے میں کافر ہوجانے کا خطرہ ہے۔ (شامی: ۲/ ۲۹۲ بتلخیص) ۴: حرام مال سے آدمی جی نہیں بھرتا اور قیامت کے دن حرام آدمی کے خلاف گواہی دے گا۔ (صحیح بخاری: ۲۸۴۲، مختصر) ۵: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: **انه لایدخل الجنة لحم نبت من سحت، النار اولی به**۔ (مسند احمد: ۱۴۴۴۱/ اسنادہ علی شرط مسلم) حرام مال سے پلا ہوا بدن جنت میں نہ جائے گا، آگ اس کی زیادہ حقدار ہے۔ ۶: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: جو ایک بالشت زمین ناحق لے گا اسے قیامت کے دن اس زمین کا ساتوں زمینوں تک طوق پہنایا جائے گا۔ (صحیح بخاری: ۳۱۹۸، مختصر) ۷ - ۱۱: حرام غذا سے دین سے دوری، نورانیت کا خاتمہ، خواہشات کا غلبہ، نیکی میں کم ہمتی اور برے اخلاق پیدا ہوتے ہیں۔ اور حلال غذا سے نورانیت، صحیح سمجھ، اللہ تعالی کی محبت، نیک خیالات، ہمت اور دل جمعی پیدا ہوتی ہے۔ (صفائی معاملات: ص ۶۴، معارف القرآن: ۱/ ۴۱۶ بتلخیص)

الغرض خلاف شرع معاملات کا سب سے بڑا نقصان آمدنی حرام ہونا اور گناہ ہونا ہے۔ اور موافق شرع معاملات کا نتیجہ حلال آمدنی اور نیکی کی توفیق ہے۔ حضرت مولانا احمد علی لاہوری (م ۱۳۸۱ھ) فرماتے ہیں: مسلمانوں کی موجودہ بے دینی میں ۸۰ فیصد حرام اور مشکوک مال کھانا پینا ہے۔ ۱۰ فیصد بے نمازوں کے ہاتھ کی پکی ہوئی چیزوں کا کھانا ہے۔ اور باقی ۱۰ فیصد بے دینوں اور نااہلوں کی صحبت ہے۔ (ملفوظات مولانا احمد علی لاہوری: ص ۲۷ بتسہیل) امام محمد بن حسن شیبانی (م ۱۸۹ھ) سے کہا گیا آپ زہد کے بارے میں کوئی کتاب کیوں نہیں لکھتے! تو فرمایا میں کتاب البیوع لکھ چکا ہوں۔ آپ کی مراد یہ تھی کہ اس میں حلال وحرام معاملے لکھ چکا ہوں اور زہد کی حقیقت یہی ہے کہ حرام سے اجتناب ہو اور حلال کی رغبت ہو۔ (العنایۃ: ۷/ ۳، کتاب الکسب: ص ۲۰، مقدمہ شیخ عبد الفتاح ابو غدۃ) مالیاتی احکام پر پہلی باقاعدہ کتاب امام محمد کی یہی کتاب الکسب ہے۔ معاصر اصطلاح کے مطابق یہ کتاب اسلامی معاشیات کے موضوع پر ہے۔ (ماخذہ: کتاب الکسب: ص ۴۷ - ۴۹)

۴- اسلام کے مالیاتی قانون کے بنیادی اصول:

۱ - ۳: سچ بولنا، بات صاف کرنا، اور قسم پوری کرنا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: (خرید وفروخت کرنے والے) اگر سچ بولیں اور صاف بات کریں تو ان کے سودے میں برکت ہوتی ہے۔ (صحیح بخاری: ۲۰۷۹، مختصر) فقہائے کرام نے ضابطہ بیان فرمایا ہے کہ معاملے میں ایسی جہالت جس کی وجہ سے جھگڑا ہو اس سے معاملہ ناجائز ہوجاتا ہے۔ (شامی: ۴/ ۵۳۰) اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تاجر لوگ قیامت

کے دن گناہ گار اٹھائے جائیں گے سوائے اس کے جو اللہ سے ڈرا اور قسم پوری کی اور سچ بولا ۔(سنن ترمذی :۱۲۱۰ حسن صحیح) اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: سچا امانتدار تاجر انبیاء صدیقین اور شہداء کے ساتھ ہوگا۔(سنن ترمذی:۱۲۰۹ حسن لانعرفہ الامن ہذاالوجہ)۔قال الحاکم: من مراسیل الحسن۔لکن لہ شواہد عند الدارقطنی وغیرہ۔(فیض القدیر:۳۳۹۲)(۴- ۶: جھوٹ، دھوکے اور جھوٹی قسم سے بچنا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (خرید وفروخت کرنے والے) اگر بات چھپائیں اور جھوٹ بولیں تو ان کے سودے کی برکت مٹا دی جاتی ہے۔(صحیح بخاری:۲۰۷۹ مختصر) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمیوں سے اللہ قیامت کے دن نہ بات کرے گا اور نہ انھیں دیکھے گا اور نہ انھیں پاک کرے گا اور ان کے لیے دردناک سزا ہے۔ان میں سے ایک، جھوٹی قسم کھا کر اپنا سامان بیچنے والا ہے۔(صحیح مسلم :۱۰۶ مختصر) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر غلے کے ایک ڈھیر پر ہوا۔آپ نے اپنا ہاتھ اس ڈھیر میں ڈالا تو انگلیوں کو تری لگی۔آپ نے فرمایا: غلے والے یہ کیا ہے؟ اس نے عرض کیا یارسول اللہ اس پر بارش پڑی ہے۔آپ نے فرمایا تو نے گیلا غلہ اوپر کیوں نہیں رکھا کہ لوگ اسے دیکھ لیں؟ من غش فلیس منی جس نے دھوکہ دیا/ملاوٹ کی وہ مجھ سے نہیں۔(صحیح مسلم : ۱۰۲) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غرر والے سودے سے منع فرمایا ہے۔(صحیح مسلم : ۱۵۱۳ مختصر) غرر سے مراد یہ ہے کہ ایسی جہالت ہو جس کی وجہ سے جھگڑا ہو یا ایسی چیز بیچے جس کو سپرد نہ کر سکے یا ایسی شرط لگائے جس کے ہونے نہ ہونے کا برابر امکان ہو یا لین دین کو آئندہ وقت کی طرف نسبت کرے۔(درس مسلم :۳۶/۲ بتسہیل) دھوکے کی ایک صورت یہ ہوتی ہے کہ گاہک کے آنے پر کوئی جھوٹ موٹ بھاؤ کرنے لگے تاکہ اصل خریدار راضی ہوجائے ۔ اسے نجش کہتے ہیں۔حدیث میں اس سے منع کیا گیا ہے۔(صحیح بخاری: ۲۱۴۰ مختصر) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں دو (کاروباری) شریکوں کے ساتھ تیسرا ہوتا ہوں جب تک وہ ایک دوسرے سے خیانت نہ کریں۔جب ایک دوسرے سے خیانت کرتا ہے تو میں الگ ہو جاتا ہوں۔(سنن ابی داؤد: ۳۳۸۳ سکت عنہ ابوداود والمنذری/اسنادہ جید : البدر المنیر لابن الملقن :۲۱/۶، ۲۲۷ مستدرک حاکم :۲۳۲۲ صححہ الحاکم والذہبی) ۷ - ۹ : چوری ،غصب اور ڈکیتی سے بچنا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: چوری کرنے اور لوٹنے کے وقت آدمی کا ایمان نہیں ہوتا۔(صحیح بخاری: ۶۷۷۲ مختصر) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو ایک بالشت زمین ناحق لے گا اسے قیامت کے دن اس زمین کا ساتوں زمینوں تک طوق پہنایا جائے گا۔(صحیح بخاری: ۲۸۴۲ مختصر) ۱۰،۱۱: جوئے اور رشوت سے بچنا: جوئے کو قرآن مجید میں ناپاک شیطانی کام کہا گیا ہے۔(مائدہ:۹۰) جوئے سے مراد ایسا معاملہ جس میں دوسرے کا مال بھی مل جائے یا اپنا بھی ہاتھ سے جاتا رہے۔اس میں ایک کو سراسر نفع اور دوسرے کو سراسر

نقصان ہوتا ہے۔(مأخذہ: معارف القرآن: ۱/ ۵۳۲، ۵۳۴) مثلا یوں کہا کہ اگر میں دوڑ جیتا تو تم اتنے پیسے دو گے، اگر تم جیتے میں اتنے دوں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رشوت دینے اور رشوت لینے والے پر اللہ نے لعنت کی ہے۔(صحیح ابن حبان: ۵۰۷۷، سنن ترمذی: ۱۳۳۷/حسن صحیح) رشوت کی جامع تعریف جو تمام اقسام رشوت پر حاوی ہے یہ ہے کہ کسی غیر متقوم چیز کا عوض لینا۔(یعنی جو کام شریعت کی نظر میں قابل معاوضہ نہ ہو اس پر معاوضہ لینا)۔(ملفوظات حکیم لامت: ۲۴/ ۱۰۵، نیز دیکھیے حضرت تھانوی کا رسالہ: کشف الغشوۃ عن وجہ الرشوۃ)

۱۲: سود سے بچنا: قرآن مجید میں سودی لین دین کرنے والے کے خلاف اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے اعلان جنگ کیا گیا ہے۔(بقرۃ: ۲۷۹) سورہ آل عمران آیت ۱۳۱ میں سود لینے دینے پر مسلمانوں کو اس آگ سے ڈرایا گیا ہے جو کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔امام ابوحنیفہ سے منقول ہے کہ یہ آیت سب سے زیادہ ڈرانے والی ہے۔(بیان القرآن: ۱/ ۳۳۴) کیونکہ مسلمانوں کو کافروں والی آگ سے ڈرایا گیا ہے۔سود سے متعلق قرآن مجید میں ۷ آیات ہیں۔(مسئلہ سود: ص ۶۶ بتلخیص) دور جاہلیت میں سود پر قرض کا لین دین ذاتی ضرورت کے لیے بھی ہوتا تھا اور تجارتی ضرورت کے لیے بھی۔(مسئلہ سود: ص ۱۰۵ بتلخیص) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سود کھانے (لینے) والے، سود کھلانے (دینے) والے، سودی دستاویز لکھنے والے اور اس کے گواہ بننے والوں پر لعنت فرمائی ہے۔اور فرمایا یہ سب (گناہ میں) برابر ہیں۔(صحیح مسلم: ۱۵۹۸) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کو سونے کے بدلے، چاندی کو چاندی کے بدلے، گندم کو گندم کے عوض، جو کو جو کے عوض، کھجور کو کھجور کے بدلے اور نمک کو نمک کے عوض فروخت کرنے سے منع کیا ہے الا یہ کہ برابر سرابر ہو، دست بدست ہو۔سو جس نے زیادہ دیا یا لیا تو سود ہوا۔(صحیح مسلم: ۱۵۸۷، مختصر) اور ایک روایت کے آخر میں یہ اضافہ: جب یہ اجناس مختلف ہوں تو جیسے چاہو بیچو جب کہ دست بدست ہو۔(مصدر سابق) جن چیزوں میں سود کی حرمت صاف طور پر قرآن وحدیث میں آئی ان میں حرمتِ ربا منصوص ہے۔پھر مجتہدین کا اتفاق ہے کہ حدیثِ مذکور کی نہی معلول بالعلت ہے۔(ہدایہ: ۳/ ۶۱) البتہ علت کی تعیین میں فقہاء کا اختلاف ہے۔جہاں علت پائے جانے پر سب کا اتفاق ہے وہاں حرمتِ ربا اجماعی ہے۔اور جہاں بعض مجتہدین کے ہاں علت پائی گئی وہاں حرمتِ ربا اجتہادی ہے۔اس طرح سود کی کل تین قسمیں ہو گئیں: منصوص، اجماعی اور اجتہادی۔سود کی جامع تعریف جو سب قسموں پر صادق آئے یہ ہے کہ: مالی معاوضے کے عقد میں ایک جانب کو ایسا اضافہ دینا جس کے مقابلے میں دوسری جانب کو کچھ نہ ملے۔چنانچہ ایسے عقود میں کوئی غلط شرط لگا دی جس کی وجہ سے ایک جانب کو اضافہ ملا تو سود ہو گیا۔(مأخذہ: شامی: ۵/ ۱۶۹، ۲۴۹) اور مالی معاوضہ میں خرید وفروخت، قرض، کرایہ، ملازمت وغیرہ کل ۲۲ قسم کے معاملات شامل ہیں جن میں سود ہوسکتا

ہے۔(ماٴخذہ: شامی: ۵/ ۲۴۰-۲۴۹) ۱۳، ۱۴: حقدار کی سخت بات برداشت کرنا اور ادائیگی بہترین طریقے سے کرنا: ایک آدمی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اونٹ کا مطالبہ کیا (جو آپ نے اسے دینا تھا) اور سختی کی۔ صحابہ نے اسے فہمائش کرنی چاہی تو آپ نے فرمایا: اسے چھوڑ دو کیونکہ حقدار کو بات کہنے کا حق ہوتا ہے۔ اسے ایک اونٹ خرید کر دیدو۔ صحابہ نے عرض کیا اس کے اونٹ سے بڑا اونٹ ہی مل رہا ہے۔ آپ نے فرمایا: وہی خرید کر دیدو فان خیرکم أحسنکم قضاء تم میں سے بہترین وہ لوگ ہیں جو بہترین طریقے سے ادائیگی کریں۔(صحیح بخاری: ۲۳۹۰، عمدۃ القاری: ۱۲/ ۱۳۶، نیز ۱۲/ ۴۵) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: اللہ رحم کرے اس شخص پر جو بیچتے وقت سخاوت سے کام لے اور خریدتے وقت (بھی) اور مطالبہ کرتے وقت (بھی)۔(صحیح بخاری: ۲۰۷۶) اور فرمایا: اللہ رحم کرے اس شخص پر جو عصر سے پہلے چار رکعت پڑھے۔(سنن ترمذی: ۴۳۰ حسن غریب) ان دونوں حدیثوں کو ملانے سے معلوم ہوا کہ جیسے حسنِ عبادت پر رحمت ملتی ہے ایسے ہی حسنِ معاملہ پر بھی رحمت ملتی ہے۔ اس سے بھی معاملات کی اہمیت ظاہر ہوئی۔ ۱۵: ادائیگی میں بلاوجہ تاخیر کرنا ظلم ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صاحبِ وسعت کا (ادائیگی) ٹالنا ظلم ہے۔(صحیح بخاری: ۲۴۰۰) ۱۶: قرض دینے کی فضیلت اور لینے کی مذمت: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرض آدھے صدقے کی طرح ہے۔(مسند احمد: ۳۹۱۱، حسن اسنادہ محققوہ، مختصر) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مقروض ہونے سے بچنے کی دعا کثرت سے فرمایا کرتے تھے۔(سنن نسائی: ۵۴۷۲، مختصر) اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دَین کے غلبے اور بوجھ سے حفاظت مانگی ہے۔(سنن نسائی: ۵۴۷۵، ۵۴۷۶، مختصر) لہٰذا سخت ضرورت کے بغیر قرض لینا اچھا نہیں۔ اگر مجبوری میں قرض لے لیا تو اس کی ادئیگی کی پوری کوشش کرنی چاہیے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: شہید کا ہر گناہ معاف کر دیا جاتا ہے سوائے دَین کے۔(صحیح مسلم: ۱۸۸۶) ۱۷: تنگدست کو مہلت دینا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے تنگدست کو مہلت دی یا اسے معاف کیا اللہ اسے اپنے سائے میں رکھے گا۔(صحیح مسلم: ۳۰۰۶) ۱۸: اقالے کی ترغیب: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی مسلمان سے اقالہ کیا اللہ اس کا گناہ معاف کرے گا۔(سنن ابی داوٗد: ۳۴۶۰، صحیح: البدر المنیر: ۶/ ۵۵۶) اقالے کا مطلب ہے مثلاً خرید و فروخت ہو جانے کے بعد دوسرے کے کہنے سے سودا ختم کر کے پیسے یا چیز پوری بغیر کٹوتی واپس کر دینا۔ ۱۹: بھیک مانگنے کی مذمت: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی مانگتا رہتا ہے حتی کہ قیامت کے دن وہ اس حال میں آئے گا کہ اس کے چہرے پر گوشت کا ٹکڑا نہیں ہوگا۔(صحیح بخاری: ۱۴۷۴) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اوپر والا ہاتھ (دینے والا)، نیچے والے ہاتھ (لینے والے) سے بہتر ہے۔ جو شخص (حرام اور سوٴال) سے بچنا چاہتا ہے اللہ اسے بچاتا ہے۔(صحیح بخاری

:۱۴۲۷مختصر) جس کے پاس ایک دن کا کھانا ہو یا وہ محنت مزدوری کرسکتا ہواس کے لیے سؤال کرنا جائز نہیں۔(تحفۃ الفقہاء:۱/۳۰۲) ۲۰:معاہدہ پورا کرنا: اللہ تعالی کا ارشاد ہے: **وأوفوا بالعهد ان العهد كان مسئولا**۔(اسراء:۳۴)اورعہد(مشروع) کو پورا کیا کرو۔بے شک ایسے عہد(کی قیامت میں) باز پرس ہونے والی ہے۔عہد میں تمام احکام الٰہیہ اور تمام عقود جو بندوں میں ہوتے ہیں داخل ہیں۔(بیان القرآن:۲/۱۷۷ بتسہیل) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منافق کی علامتوں میں فرمایا: **واذا وعد اخلف واذا عاهد غدر** (صحیح بخاری:۳۱۷۸) جب وعدہ کرے توڑے اور جب معاہدہ کرے اس کی خلاف ورزی کرے۔۲۱:ذخیرہ اندوزی منع ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ذخیرہ اندوزی خطاکار ہی کرتا ہے۔(صحیح مسلم:۱۶۰۵) ذخیرہ اندوزی کے معنی ہیں غلے کو لوگوں کی ضرورت کے وقت مہنگائی کے انتظار میں روکے رکھنا۔(امداد الفتاوی:۳/۱۹ بتسہیل وتلخیص) ۲۲، ۲۳: ملکیت اور قبضے میں آنے سے پہلے بیچنا منع ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حلال نہیں قرض اور بیع اور نہ ہی بیع میں دو شرطیں اور نہ ضمان (قبضے) سے پہلے بیچنا اور نہ وہ چیز بیچنا جو تمھارے پاس نہ ہو (یعنی تمھاری ملکیت میں نہ ہو)۔(سنن ترمذی:۱۲۳۴ حسن صحیح) قرض اور بیع کے حلال نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ایک عقد میں ان دونوں کو جمع نہیں کیا جاسکتا۔مثلاً یوں کہا کہ میں نے تجھے اتنا قرض دیا اس شرط پر کہ تم نے مجھے اپنا گھر اتنے کا بیچا، یا بیع میں قرض کی شرط لگادی۔بیع میں دو شرطوں کا مطلب یہ ہے کہ یوں کہا فوری ادائیگی کرو تو اتنے کی چیز اور ایک ماہ بعد ادا کرو تو اتنے کی اور عقد کے وقت کسی ایک شق پر اتفاق نہ ہو۔(اعلاء السنن: ۱۴/۱۸۵ بتلخیص) ۲۴: ملازموں کے حقوق کی نگہداشت: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: تم میں سے ہر ایک نگہبان ہے اور اس سے اسکی رعیت (ماتحتوں) کے (حقوق) کے بارے میں پوچھا جائے گا۔(صحیح بخاری :۸۹۳ مختصر) رعیت کے عموم میں آدمی کے ماتحت ملازم بھی داخل ہیں۔۲۵: بروکر قیمت کے مصنوعی اتار چڑھاؤ کا سبب نہ بنے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شہری کے دیہاتی کے لیے (بروکر بن کر) بیچنے سے منع فرمایا ہے۔(صحیح بخاری:۲۱۴۰ مختصر، شامی:۵/۱۰۲، ۱۰۳) اس سے معلوم ہوا کہ بروکر (مڈل مین) کو چیز کی قیمت میں مصنوعی اتار چڑھاؤ نہ کرنا چاہیے۔چیز کی اصلی قدر اور مارکیٹ ریٹ کا لحاظ کرنا چاہیے۔

یہ ۲۵/اصول بطور نمونہ ذکر کیے گئے ہیں جن سے بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ اسلام کے مالیاتی قانون میں کسی کو دوسرے پر ظلم کی ذرا بھی گنجائش نہیں۔اس میں کمال درجے کا عدل ملحوظ ہے۔حدیث کی کسی کتاب کی فہرست ملاحظہ کرنے سے واضح ہوگا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات مالی لین دین سے متعلق کتنی کثرت سے ہیں۔پھر فقہائے کرام نے ان ارشادات کی پوری تشریح کردی ہے۔چنانچہ فقہ کی مشہور کتاب

ہدایہ کی چار جلدیں ہیں، ان میں سے ایک جلد عبادات سے متعلق ہے اور تین جلدیں معاملات سے متعلق ہیں۔اس سے بھی معاملات کی وسعت اور اہمیت ظاہر ہوتی ہے۔

معیشت خواہ فرد کی ہو، خواہ قوم کی ہو، خواہ عالَم کی ان تعلیمات سے ہٹنا بربادی کا سبب بنتا ہے۔چنانچہ ۲۰۰۸ء میں عالمی معاشی بحران آیا۔جس میں بڑے بڑے بینک دیوالیہ ہوگئے۔عالمی شہرت یافتہ کمپنیاں قلاش ہوکر بند ہوگئیں۔ ۲۰۱۰ء میں ورلڈ اکنامک فورم کا اجلاس ہوا،جس میں اس بحران کے اسباب پر ماہرین نے گفتگو کی۔اس میں حضرت مفتی محمد تقی عثمانی صاحب کو بھی دعوتِ خطاب دی گئی۔حضرت کے خطاب کا اردو ترجمہ موجودہ عالمی معاشی بحران اور اسلامی تعلیمات کے نام سے مطبوع ہے، جو اہل علم کے قابل مطالعہ ہے۔اس میں حضرت نے جن اسباب کی نشاندہی فرمائی وہ وہی معاملات تھے جن پر اسلام نے پابندی عائد کی ہے!!

۵- معاملات کی اصلاح کا طریقہ اور تدابیر

۱: اپنی ملازمت، کاروبار اور ہر طرح کے لین دین کا کسی مستند دارالافتاء سے آڈٹ کرائیں اور خلافِ شرع معاملات کو بالکل چھوڑ دیں۔اور اگر ماضی میں کوئی غلطی ہوئی ہو تو اس کی بھی تلافی کریں۔آدمی جو ذریعہ روزگار اختیار کرنے لگے اس کے بارے میں شرعی احکام معلوم کرنا اس پر فرض ہوتا ہے، تاکہ وہ ناجائز معاملے سے بچ سکے۔(مأخذہ: شامی: ۱/۴۲) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: علمِ (دین) حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔(سنن ابن ماجہ: ۲۲۴/حسنہ المزی والسیوطی) یعنی اتنا علم جس سے اپنی زندگی دین کے دائرے میں رکھ سکے۔

۲: اگر بزنس زیادہ بڑا ہو تو کسی مستند اہل فتوی عالم کو اپنے ہاں شریعہ ایڈوائزر کے طور پر رکھیں اور اس کی رہنمائی سے کام کریں۔نیز اس پر کوئی دباؤ ڈال کر اپنے مطلب کا فتوی لینے کی کوشش نہ کریں۔اس کے سامنے صورت مسئلہ کی وضاحت کریں اور جو فتوی بتائے اس پر عمل فرمائیں۔یہاں اہل علم حضرات کی خدمت میں گزارش کروں گا کہ اگر وہ بکثرت پیش آنے والے معاملات کی شریعہ آڈٹ رپورٹ از خود مرتب کر کے شائع فرمادیں تو عمل کرنے والوں کو بہت سہولت ہوگی۔چنانچہ بندہ نے اس نوعیت کے بعض فتاوی تحریر کیے ہیں۔مثلاً مسجد اور مدرسے کا مالیاتی نظام، بیعانے کی دستاویز کا شرعی جائزہ، اقرار نامہ معاہدہ کرایہ داری کا شرعی جائزہ، ایڈوب سٹاک کنٹری بیوٹر ایگریمنٹ کا جائزہ وغیرہ۔یہ فتاوی انٹرنیٹ کی مشہور ڈیجیٹل لائبریری آرکائیو ڈاٹ آرگ پر مفت ڈاؤن لوڈ کے لیے دستیاب ہیں۔آرکائیو پر بندہ کے نام سے ایک مکتبہ ہے وہاں رجوع فرمائیں۔

۳: رزق کی تلاش مختصر رکھنا۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: رزق کو دیر سے ملنے والا نہ سمجھو، کیونکہ آدمی کو

اس وقت تک موت نہیں آتی جب تک اس کا آخری رزق اسے مل نہ جائے۔لہذا تلاش مختصر رکھو۔حلال لینا اور حرام چھوڑ دینا۔(صحیح ابن حبان: ۳۲۳۹،مستدرک حاکم: ۲۱۳۵ رصححہ الذہبی، ۷۹۲۴ رصححہ الحاکم والذہبی) جب طے شدہ رزق وقت سے پہلے نہیں مل سکتا تو ناجائز ذرائع کیوں اختیار کیے جائیں۔

۴: بھروسہ اللہ تعالی پر رکھنا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: ماں کے پیٹ میں جب بچے میں روح پھونکی جاتی ہے تو فرشتے کو چار چیزیں لکھنے کا حکم ہوتا ہے: بچے کا رزق،موت عمل اور انجام (صحیح مسلم: ۲۶۴۳،مختصر) کسی شاعر نے خوب کہا ہے:

مالک العالمین ضامن رزقی - فلماذا اکلف الخلق رزقی - قد قضی لی بما علی و مالی - مالکی فی قضاءہ قبل خلقی - فکما لا یرد عجزی رزقی - فکذا لا یجر رزقی حذقی

جہانوں کا مالک میرے رزق کا ضامن ہے۔تو میں مخلوق کو رزق کی تکلیف کیوں دوں؟ میرے نفع نقصان کا فیصلہ کر دیا ہے۔میرے مالک نے اپنی تقدیر میں میری پیدائش سے پہلے۔تو جیسے میری کمزوری میرا رزق دور نہیں کر سکتی۔ایسے ہی میری طاقت میرا رزق کھینچ نہیں سکتی۔

۵: اللہ تعالی کے دیے ہوئے حلال رزق پر دل وجان سے راضی ہو جانا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: اللہ تعالی بندے کو دے کر امتحان لیتے ہیں۔جو ان کی تقسیم پر راضی ہو جائے اسے برکت اور وسعت دیتے ہیں اور جو راضی نہ ہو اسے برکت نہیں دیتے۔(مسند احمد: ۲۰۲۹۴ رصححہ محققوہ)

۶: اپنا خرچ آمدنی کے مطابق رکھنا اور رسم ورواج کی پابندی بالکل چھوڑ دی جائے۔اللہ تعالی کا ارشاد ہے: اور نہ تو (ایسے کنجوس بنو) کہ اپنے ہاتھ کو گردن سے باندھ کر رکھو اور نہ (ایسے فضول خرچ کہ) ہاتھ کو بالکل ہی کھلا چھوڑ دو۔جس کے نتیجے میں تمھیں قابل ملامت اور قلاش ہو کر بیٹھنا پڑے۔(اسراء: ۲۹،آسان ترجمہ قرآن :ص ۵۶۲) حضرت تھانوی (م ۱۳۶۲ھ) نے فرمایا: مسلمانوں کی موجودہ بدحالی اور تباہی کا ایک بنیادی سبب بے فکری اور بدانتظامی کے ساتھ خرچ کرنا ہے۔(ملفوظات حکیم الامت: ۲/۸، ۳۷،بتلخیص)

۷: جو مالی لحاظ سے اپنے سے کم ہوں انھیں دیکھنا اور اللہ تعالی کا شکر ادا کرنا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے: اپنے سے نیچے والے کو دیکھو،اپنے سے اوپر والے کو نہ دیکھو،اس سے اللہ تعالی کی دی ہوئی نعمت کو حقیر نہ سمجھو گے۔(صحیح مسلم: ۲۹۶۳)

۶- افضل ترین پیشہ کونسا ہے؟

ذرائع آمدن کی بنیادی طور پر ۴ قسمیں ہیں: اجارہ،تجارت،زراعت،صناعت۔(کتاب الکسب:

ص ۱۴۰) اس بارے میں علماء کے مختلف اقوال ہیں کہ زراعت افضل ہے یا صنعت یا تجارت؟ تطبیق یہ ہے کہ لوگوں کی ضرورت کے لحاظ سے حکم مختلف ہے۔ جہاں لوگوں کو زراعت کی زیادہ ضرورت ہو وہاں یہ افضل ہے۔ اسی طرح صنعت اور تجارت بھی حسب ضرورت افضل ہے۔ (عمدۃ القاری: ۱۲/ ۱۵۵ بتلخیص)

۷- اصلاحِ معاملات اور اشاعتِ اسلام:

آدمی اگر اپنی معاشی سرگرمیاں دینی تعلیم کا عملی نمونہ بنالے تو یہ کام دین کی تبلیغ کا مؤثر ذریعہ بھی ہے۔ خواجہ حسن نظامی (م ۱۹۵۵ء) لکھتے ہیں: ہندوستان میں اسلام کی اشاعت کا سب سے پہلا اور قدیم سبب اعرابوں اور ہندوؤں کا تجارتی میل جول تھا۔ عرب تاجروں اور سواحل ہند کے سوداگروں میں باہم تعلق نہایت قدیم سے قائم تھا۔ بلکہ اس کا آغاز اسلام سے بہت پہلے ہو چکا تھا۔ البتہ اسلام کے بعد عرب قوم کی تنظیم نے ان تعلقات کو اور زیادہ مستحکم اور مضبوط کر دیا۔ اب عرب تاجر پہلے کی طرح صرف رومی مال واسباب اور عربی مصنوعات و پیداوار ہی ہندوستان نہیں لانے لگے بلکہ ساتھ ساتھ اپنی سب سے بڑی دولت اور اپنی سب سے بڑی دولت اور اپنی سب سے قیمتی متاع جو عرصہ مین اس پیغمبر عربی کے وسیلہ سے ان کو ملی تھی وہ بھی رفتہ رفتہ اپنے ساتھ لانے لگے اور یہاں سے اب وہ صرف مسالوں، خوشبوؤں، تلواروں اور کپڑوں کا سامان ہی نہیں لے جانے لگے بلکہ نومسلموں کی کچھ تعداد بھی اپنے ساتھ لے جانے لگے۔ ملیبار، سندھ، گجرات، کچھ، کوکن، سواحل بنگال اور جزائر ہند کی قوموں نے ان کو فرشتہ رحمت سمجھ کر قبول کیا۔ عربی سفر ناموں اور جغرافیہ کی کتابوں میں ان مقامات کے نام اور حالات بکثرت مذکور ہیں۔ ملیبار میں موپلا اور نوایت انھیں عرب تاجروں کی یادگار نسل ہیں اور یہی ہندوستان میں اسلام کی اشاعت کے سب سے پہلے داعی اور مبلغ ہیں۔ انھوں نے جس آہستگی، سکون اور خاموشی سے اس فرض کو انجام دیا عیسائی مشنری اور انگریزی مؤرخین ان کی اس قابلیت کے مداح اور ستائش گیر ہیں۔ (ہندوستان میں اسلام کیونکر پھیلا: ص ۷، ۸) نیز دیکھیے: عرب وہند کے تعلقات: ص ۲۱۰، ہندوستان میں اسلام، مولانا سید سلیمان ندوی۔ اللہ تعالی ہمیں اپنے دین کی تعلیمات کی قدر کرنے اور ان پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین برحمتک یا ارحم الراحمین۔

جرائم اور نابالغ بچے

مفتی عبداللہ فردوس

دورِ حاضر اخلاقی اعتبار سے انحطاط کا شکار ہے، دین و مذہب سے دُوری، خوفِ الٰہی اور خوفِ آخرت سے غفلت ،معاشرے میں جرائم کا بڑھتا ہوا رجحان، بس بندہ صرف دیکھنے، سننے کے لیے بے اختیار ہوتا ہے۔

بالغ افراد کے نقشِ قدم پر نابالغ بچے جا رہے ہیں۔اب نابالغ بچوں کے جرائم نے ایک عالم گیر شکل اختیار کر لی ہے۔اس ناسور پر قابو پانا ممکن ہے لیکن بلند ہمتی سے کام ضرور لینا ہے۔

صحیح تعلیم وتربیت ہی دراصل انسان کو انسان بناتی ہے اور یہ انسانیت کی بنیادی ضرورت ہے جنسی تعلیم کی نہ اجازت ہے اور نہ ضرورت یہ فطری چیز ہے وقت کے ساتھ ساتھ خود بہ خود سمجھ میں آجاتی ہے۔

اسلامی تعلیمات میں بچوں کی تعلیم ،آداب اور اخلاق پر جتنا زور دیا گیا ہے دوسرے مذاہب میں اس کا عشرِ عشیر بھی نہیں ہے۔بچہ جب ماں کے پیٹ میں ہوتا ہے تو اسلامی تعلیمات نے ماں کے اخلاق و کردار کی درستی پر زور دیا ہے۔پیدائش کے بعد بچے کو غسل دینا اس کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کا اہتمام کرنا ،اچھا نام رکھنا،عقیقہ اور ختنے کا اہتمام یہ سب باتیں روزِ روشن کی طرح عیاں ہیں۔بلوغت سے پہلے جو مراحل ہیں ان میں بطورِ خاص نگہداشت کا حکم موجود ہے۔

ماں باپ کے دلوں میں محبت اور ان کے دینی و دنیوی ضروریات کا انتظام انسانی فطرت کا تقاضا ہے۔

طفولیت کا زمانہ تعلیم وتربیت کے لیے بڑی اہمیت کا حامل ہے۔بچے خاندان کا ایک حصہ،گھر کی زینت،ماں باپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک اپنے اساتذہ کرام کے لیے صدقہ جاریہ اور اپنے نظر میں ہیرو ہیں۔کہتے ہیں کہ چھوٹے بڑوں سے سیکھتے ہیں اور بڑے چھوٹوں پر اثر انداز ہوتے ہیں۔جرائم کی دنیا میں بچے بھی بڑوں کے شانہ بشانہ آگے بڑھ رہے ہیں۔حدیث مبارکہ ہے: **العلم فی الصِغر کالنقش فی الحجر ۔** (بیہقی)

بچپن میں علم حاصل کرنا پتھر پر نقش کرنے جیسا ہے۔

بچپن کے زمانہ میں بچوں کی دنیا محدود ہوتی ہیں ان کی نظر میں ماں باپ اور استاد بڑے ہیرو ہوتے ہیں۔

مصنف عبدالرزاق میں ہے:

علموا اولادكم و اهليكم الخير و ادبوهم۔ (مصنف عبدالرزاق)

اپنی اولاد کو اور اپنے گھر والوں کو بھلائی کی تعلیم دو اور ان کو ادب سکھاؤ۔

اولاد پر والدین کے حقوق کو سب مذاہب نے تسلیم کیا ہے اور والدین کی خدمت کی بڑی تاکید کی۔اسی طرح والدین کے لیے بھی کچھ باتیں ضروری ہیں۔

اسلام نے عمر کے ہر حصے سے متعلق احکام کی تعلیم عمر کی مناسبت سے دی اور حسبِ عمر شریعت نے بستر الگ کرنے کی ہدایت دی، تو تعلیم گاہیں (مخلوط تعلیم) بھی الگ کرنا ضروری ہے۔ان امور سے بچوں کے جذبات پاک رہتے ہیں جن سے عفت، طہارت اور معاشرت کی پاکیزگی کا قائم ہونا لازمی ہے۔

زندگی کا ہر مرحلہ انتہائی اہم ہے اور خاص کر وہ مرحلہ جس سے زندگی کی تشکیل ہوتی ہے تاکہ اولاد کا مستقبل تابناک رہے اور زندگی کامیاب و کامران نظر آئے۔لہٰذا بچپن ہی سے اولاد کو خوش اخلاق اور عمدہ صفات کے زیور سے آراستہ کرنے کی کوشش بارآور ثابت ہوتی ہے۔

اگرچہ اس عمر میں حد جاری نہیں ہوتی تاہم ان کی مجرمانہ سرگرمیوں اور مذموم حرکتوں پر قدغن لگانے کے لیے تعزیری اور تادیبی کارروائی کی جائے گی۔تعزیرات کا دائرہ کافی وسیع ہے۔درمختار میں ہے کہ:

(الصِغر لا يمنع وجوب التعزير) فيجري بين الصبيان. (الدر مع الرد، ط الحلبي: 4/78)

ويقام التعزير عليه تاديبا". (الأشباه والنظائر لإبن نجيم تحقيق الشيخ زكريا عميرات: 265، دار لكتب العلمية ز)

اور بچہ پر بطور تادیب کے تعزیز قائم کی جاتی ہے۔

لا يحبس الصبي إلا بطريق التأديب". (البحر الرائق 6/315)

اتفق الأئمة المذاهب على أنه لا يجب الحد على الصبي والمجنون. (الفقه ال إسلامي وادلتہ: 5/774)

الصبي والمجنون إذا وطى امرأة اجنبية لا حد عليه. (بدائع الصنائع: 5/487)

في الاشباه والنظائر: الصبي المحجور مؤاخذ بأفعاله متضمن۔

شامی میں ہے کہ: **وفي المحيط للقاضي حبس الصبي الفاجر ادباً لا عقوبة۔**

یہ چند فقہی عبارات ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ جو بچے جرائم کا ارتکاب کریں وہ مستحق تعزیر ہیں۔

اہلِ علم کا اس پر اتفاق ہے کہ بچوں پر حد نہیں ہوگی لیکن تعزیر امام اور قاضی کی صواب دید پر ہوگی اور تادیب

میں استاذ اور والدین بااختیار ہیں۔اب یہ تعزیر مالی اور جسمانی ارتکاب جرم کی بنیاد پر ہوگا۔

اگر بچے نے کسی کا مال ضائع کیا یا چوری کی تو مال کا ضمان دینا ہوگا۔قتل پر دیت علی العاقلہ اور عاقلہ نہ ہونے کی وجہ سے اولیا پر لازم ہوگا۔زنا کے ارتکاب پر عُقر لازم ہوگا۔اور مجرمانہ ذہن رکھنے والوں کے لیے مختلف قسم کی سزا مقرر کی جاسکتی ہیں جیل میں بند ہونے کی، گھر میں قید کرنا، مار پیٹ وغیرہ۔

شامی میں ہیں:

إن الصبي ينبغي أن يؤمر بجميع المأمورات وينهى عن جميع المنهيات. (حاشیۃ ابن عابدین: 5/7)

مناسب ہے کہ بچے کو تمام مامورات کا حکم دیا جائے اور تمام منہیات سے روکا جائے۔

اور آج کل جنسی تعلیم کی جو بات کہی جارہی ہے کہ دیگر مضامین کی طرح اس کو بھی ایک مضمون کی حیثیت دے کر شاملِ نصاب کر دیا جائے؛ درست نہیں ہے کیوں کہ اس کی تعلیم سے بچوں کی فطری حیا متاثر ہوگی اور وہ جرائم میں اپنا ہاتھ ڈالنا شروع کردیں گے۔

بچے یہ نہ سوچے کہ ارتکاب جرم کے بعد ہم سزا سے آزاد ہیں۔دنیا اور نہ آخرت میں ہماری سرگزشت ہوگی۔دنیاوی سزا ان کے لیے تعریراً ہوگی تاکہ دوسرا قدم غلط حرکتوں کی طرف نہ اٹھے۔

جنس کے سلسلہ میں اسلام اتنا حساس ہے کہ ایک ہی رشتۂ خون سے تعلق رکھنے والے بچوں کے مابین دس سال کی عمر میں بستر الگ الگ کروادیتا ہے۔

حدیث شریف میں آتا ہے:

عن عمرو بن شعيب، عن أبيه، عن جده، قال: قال نبي الله صلى الله عليه وسلم: مروا صبيانكم بالصلاة إذا بلغوا سبعاً، واضربوهم عليها إذا بلغوا عشراً، وفرقوا بينهم في المضاجع". (مصنف ابن أبي شيبة: 1/304)

سات سال کی عمر میں اپنے بچوں کو نماز کا حکم دو اور دس سال کی عمر میں نماز نہ پڑھنے پر پٹائی کرو اور ان کے بستر بھی علاحدہ کردو۔

حدیث کی رُو سے دس سال کی عمر کے بعد بچوں کو الگ بستر پر سلانے کا حکم ہے۔

بچوں کو تین اوقات میں خصوصی طور پر کمرے میں داخل ہونے کی اجازت لینے کا پابند کرتا ہے۔

خلاصہ

(1) ابتدا میں پڑھنے والے بچوں کی دنیا محدود ہوتی ہے ماں، باپ اور استاذ جسمانی اور روحانی ہیرو ہوتے

ہیں۔استاذ ایک رول ماڈل کی حیثیت رکھتا ہے۔بس استاذ کو اپنی صلاحیت بچے کی صحیح تربیت پر خرچ کرنا چاہیے۔

(2) بچوں کو جنس(سیکس) کی تعلیم دیگر مضامین کی طرح شاملِ نصاب کرنا درست نہیں ہے۔جس سے مُضر اثرات کا رونما ہونا اور بچوں کی حیا متاثر ہونا لازمی ہے۔جنسی آگاہی سیکھنے سکھانے پر موقوف نہیں بلکہ دوسرے طبعی امور کی طرح انسان کی فطرت میں ودیعت کردی گی اس منزل پر پہنچ کر خود ہی ادراک ہوجاتا ہے۔

(3) شریعت نے جرائم کے سدِ باب کے لیے تعزیری اور تادیبی سزاؤں کا پہلوں اختیار کیا تاکہ مجرمانہ سرگرمیوں پر قدغن کے لیے تادیبی کاروائی کی جائے۔کتب فقہ میں صراحت ہے کہ بچوں کی مجرمانہ حرکتوں کو یکسر نظرانداز نہیں کیا جائے گا۔بچے کی جنایت پر دیت دوسرے کے مال تلف کرنے پر لزوم ضمان اور کچھ قانونی اور تادیبی سزائیں چاہیے جسمانی سزا کے لیے جیل کی قید و بند مار پیٹ اور کھانے سے محروم کرنے کا نظام مقرر رہے۔

(4) بچوں میں جرائم کے اصل ذمہ دار خود بچے نہیں بلکہ فریڈم سوسائٹی،فرینڈ شپ اور فری سیکس میں بچے والدین کی غفلت یا بے لگام آزاد چھوڑنا ہے۔ماں باپ بچوں کو انٹرنیٹ،موبائل اور فیس بک اور دیگر اخلاق سوز چیزوں جس نے عزت پر داغ اور معاشرہ بدبودار اور حکومت کو پریشان کردیں ان سے اپنے بچوں کو دور رکھیں۔

(5) ہمارے سنجیدہ حضرات مخلوط تعلیم کا ہی رونا رورہے تھے کہ ایک دھماکہ جنسی تعلیم کے عنوان سے عصری تعلیمی اداروں میں گرادیا۔جنس کی تعلیم دراصل برائی کو محفوظ طریقہ پر رائج کرنا ہے اور بچوں کو وقت سے پہلے بالغ بنادینے کی ایک کوشش ہے۔موجودہ زمانہ میں بچوں کو بگاڑنے والے اسباب میں کوئی کمی نہیں اور جو کمی ہے وہ جنسی تعلیم پورا کردے گی،جن سے مستقبل کے معمار ہونے کی امید تھی وہ خود مخرب بن گئے۔

(6) ابتدائی سوچ و فکر: بچپن سے اچھی ذہنیت،تعمیر و تربیت کے لیے خشتِ اول کا کام دیتا ہے پہلی خشت اگر کج رہ جائے تو پوری دیوار کج ہی رہتی ہے:

خشتِ اول چوں نہد معمار کج　　　تا ثریا می رود دیوار کج

بچوں کی تربیت و تعلیم و تلقین کے لیے مناسب ماحول مہیا کیا جائے۔

تبصرہ کتاب

تذکرہ مشاہیرِ علماءڈیرہ غازی خان

مصنف: مولانا مفتی سمیع الرحمٰن۔صفحات: 464۔طباعت :عمدہ۔ ملنے کا پتا: مکتبہ عمر فاروق ،شاہ فیصل کالونی کراچی۔رابطہ:0334 3432345

